آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 35 | بروز جمعرات 26 جنوری 2023ء بمطابق 3 رجب المرجب 1444ھ | شمارہ نمبر 22

کوئٹہ مساجد با جماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع

فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

کوئٹہ میں گیس لیکیج کے 2 مختلف حادثات، 4 بچوں سمیت 5 افراد جاں بحق، 2 خواتین زخمی

گھر مکمل طور پر تباہ جبکہ ملبے تلے دب کر چار بچے 8 سالہ قدرت اللہ، 7 سالہ فرشتہ، 3 سالہ بصیر، 13 سالہ جانان جاں بحق جبکہ حضرت بی بی اور فاطمہ زخمی ہوگئیں

دوسرا واقعہ سبزل روڈ پر واقعہ بولان ٹاؤن میں پیش آیا جہاں پولیس کے سب انسپکٹر شبیر احمد کے گھر گیس لیکج کے باعث دم گھٹنے سے جاں بحق جبکہ ایک خاتون کی حالت غیر ہوگئی

جاں بحق بچوں کی عمریں 2 سے 10 سال کے درمیان ہیں، ایک بے ہوش ہوگئی ایک بیٹھنے کے دوران گیس لیکج کے باعث حادثات میں ہونے والی اموات کی تعداد 15 ہوگئی' ہسپتال ذرائع

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گیس لیکج کے دو مختلف حادثات میں 4 بچوں سمیت 5 افراد جاں بحق جبکہ 2 خواتین زخمی ایک بے ہوش ہوگئی ایک بیٹھنے کے دوران گیس لیکج کے باعث حادثات میں ہونے والی اموات کی تعداد 15 ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو کوئٹہ کے علاقے ثروت آباد میں واقعہ بادیزئی ٹاؤن میں گیس لیکج کے باعث گھر میں دھماکہ ہوگیا جس سے گھر مکمل طور پر تباہ جبکہ ملبے تلے دب کر چار بچے 8 سالہ قدرت اللہ، 7 سالہ فرشتہ، 3 سالہ بصیر، 13 سالہ جانان جاں بحق جبکہ حضرت بی بی اور فاطمہ زخمی بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

رحیم یار خان، متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زید النہیان وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

گیس فراہمی، بلوچستان کیساتھ امتیازی رویہ ناقابل برداشت ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

گزشتہ چند روز میں گیس حادثات کے باعث دس سے زائد افراد زندگی گنوا چکے ہیں' گیس کمپنیوں کے رویے پر شہریوں میں اشتعال پایا جاتا ہے، بلوچستان طویل عرصے تک ملک کی گیس کی ضروریات پوری کرتا رہا ہے

کوئٹہ شہر میں بڑھتے ہوئے گیس حادثات کے باعث اموات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے گیس کمپنی کے غیر ذمہ دارانہ رویہ کا نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا ہے

گیس پریشر میں کمی کی وجہ سے شہریوں کی زندگیوں کو شدید خطرات لاحق ہیں اور گزشتہ چند دنوں میں گیس حادثات میں دس سے زائد افراد زندگی گنوا چکے ہیں، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (ق ن) وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ گیس فراہمی کے حوالے سے بلوچستان کے ساتھ امتیازی رویہ ناقابل برداشت ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے اپنے بیان میں کہا کہ گیس کمپنیوں کے رویے پر شہریوں میں اشتعال پایا جاتا ہے، بلوچستان طویل عرصے تک ملک کی گیس کی ضروریات پوری کرتا رہا ہے، شدید سرد موسم میں شہریوں کو گیس میسر نہیں، گیس کی فراہمی کے حوالے سے بلوچستان کے ساتھ امتیازی رویہ ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیس پریشر میں کمی کی وجہ سے شہریوں کی زندگیوں کو خطرات لاحق ہیں، گزشتہ چند روز میں گیس حادثات کے باعث دس سے زائد افراد زندگی گنوا چکے ہیں، وزیراعظم اور وفاقی وزیر توانائی گیس کمپنی کے غیر ذمہ دارانہ رویے کا فوری نوٹس لیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

فواد چوہدری کی طرف سے الیکشن کمیشن اور کمیشن ممبران کو دھمکیاں قابل مذمت ہیں، شازیہ مری

پی ٹی آئی کی طرف سے الیکشن کمیشن کے ممبران کے اہل خانہ کو نشانہ بنانے کی دھمکی دہشتگردی ہے، وفاقی وزیر اور ترجمان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اور ترجمان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے کہا ہے کہ فواد چوہدری کی طرف سے الیکشن کمیشن اور کمیشن ممبران کو دھمکیاں قابل مذمت ہیں۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ پی ٹی آئی کی طرف سے الیکشن کمیشن کے ممبران کے اہل خانہ کو نشانہ بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کے مزید 43 اراکین قومی اسمبلی کو ڈی نوٹیفائی کر دیا

ڈی نوٹیفائی اراکین کے ساتھ پی ٹی آئی کے مستعفی قانون سازوں کی تعداد 122 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے پاکستان تحریک انصاف کے مزید 3 4 اراکین قومی اسمبلی کے استعفے منظور کیے جانے کے بعد الیکشن کمیشن آف پاکستان نے انہیں ڈی نوٹیفائی کر دیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے یہ استعفے منظور کرنے کی خبر گزشتہ روز ایسے وقت میں سامنے بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

موجودہ سیاسی نظام ملکی مسائل کے حل کی اہلیت نہیں رکھتا ہے، شاہد خاقان عباسی

پارلیمنٹ وصوبائی اسمبلیاں غیر فعال ہیں، سیاسی جماعتوں میں اختلافی نقطہ نظر سننے کی گنجائش ختم ہوچکی ہے

اسی بنا پر پارلیمان گزشتہ پانچ سال میں ملکی مسائل کے حل میں ناکام رہی، سابق وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ موجودہ سیاسی نظام ملکی مسائل کے حل کی اہلیت نہیں رکھتا ہے، پارلیمنٹ وصوبائی اسمبلیاں غیر فعال ہیں، سیاسی جماعتوں میں اختلافی نقطہ نظر سننے کی گنجائش ختم ہوچکی ہے، اسی بنا پر پارلیمان گزشتہ پانچ سال میں ملکی مسائل کے حل میں ناکام رہی۔ وائس آف امریکہ کو دیئے گئے انٹرویو میں بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

غیر اخلاقی، غیر جمہوری کام کر کے ڈھٹائی سے دفاع کرنا پی ٹی آئی قیادت کا طرۂ امتیاز ہے، سعد رفیق

ان پر شیاطین اترتے ہیں، تبدیلی کی حشیش پلا کر سازشی بہروپیے نے بہت سا شر اور گمراہی پھیلائی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پاکستان مسلم لیگ (ن) اور وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ ہر غیر اخلاقی، غیر جمہوری، غیر قانونی اور غیر شرعی کام کر کے ڈھٹائی سے اس کا دفاع کرنا پی ٹی آئی قیادت کا طرۂ امتیاز ہے۔ بدھ کو ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں لیگی رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

اینٹی نارکوٹکس فورس نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ اے این ایف کے ترجمان کے مطابق بلوچستان کے مختلف علاقوں میں 7 کارروائیوں کے دوران 2131.3 کلوگرام منشیات بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، وزیر خزانہ اسحاق ڈار امریکی ڈپٹی اسسٹنٹ سیکرٹری ڈیولپمنٹ ایشیا ملاقات کر رہے ہیں

ایپکا کا وفاقی حکومت کی طرف سے موجودہ تنخواہوں سے 10 فیصد کٹوتی کے اعلان کیخلاف ملک بھر میں احتجاج کا اعلان

ہی (این این آئی) ایپکا نے وفاقی حکومت کی طرف سے موجودہ تنخواہوں سے 10 فیصد کٹوتی کے اعلان کیخلاف ملک بھر میں احتجاج کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق مرکزی سیکرٹری جنرل ایپکا پاکستان اور تحریک کشمیری مرکزی نائب صدر غلام سرور اور صدر ایپکا انعام اللہ نے ہی میں صحافیوں سے بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

دکی میں کوئلہ کان میں دم گھٹنے سے دو کان کن بے ہوش

کوئٹہ (این این آئی) دکی میں کوئلہ کان میں دم گھٹنے سے دو کان کن بے ہوش ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو دکی میں مقامی کوئلہ کان میں بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

لورالائی میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) لورالائی میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق بدھ کو لورالائی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں پولیس کی کارروائی قتل کے مقدمے میں مطلوب دو ملزمان کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پولیس کی کارروائی قتل کے مقدمے میں مطلوب دو ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ صدر تھانے بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان پولیس میں تقرریاں وتبادلے کوئٹہ، گوادر اور جعفر آباد کے ایس ایس پیز تبدیل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان پولیس میں تقرریاں وتبادلے کوئٹہ، گوادر اور جعفر آباد کے ایس ایس پیز تبدیل کر دیئے گئے۔ آئی جی بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

صدر مملکت نے پاکستان ڈائمنڈ جوبلی تمغہ 2022 کے نام سے نیا تمغہ تفویض کرنے کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے پاکستان ڈائمنڈ جوبلی تمغہ 2022 کے نام سے نیا تمغہ تفویض کرنے کی منظوری بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

لوئر کوہستان قراقرم ہائی وے منہ باندہ کے قریب روڈ ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق

لوئر کوہستان (این این آئی) لوئر کوہستان قراقرم ہائی وے منہ باندہ کے قریب روڈ ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

آئینی عمل جاری ہے اور تمام اقدامات آئین وقانون کی روشنی میں اٹھائے جائیں گے، محمد بلیغ الرحمان

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن نے گورنر ہاؤس لاہور میں سابق اراکین اسمبلی سمیت اہم شخصیات نے الگ الگ ملاقاتیں بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

پنجاب بھر میں 994 ٹریفک حادثات میں 08 افراد جاں بحق 1040 زخمی ہوئے

لاہور (این این آئی) پنجاب ایمرجنسی سروس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 994 ٹریفک حادثات میں ریسکیو کیا جن بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

UAE پاکستان میں بڑی سرمایہ کاری کریگا، وزیر اعظم

آپ تیاری کریں، صدر یو اے ای نے وزیراعظم کو پاکستان میں بڑی سرمایہ کاری کرنے کا عندیہ دیا، دونوں رہنماؤں کے درمیان مختلف شعبوں میں طے پانے والے مفاہمت کے حوالے سے بھرپور کام کیا جائے گا، شہباز شریف

وزیراعظم اور اماراتی صدر کی ملاقات برادرانہ ماحول میں ہوئی، شیخ محمد بن زاید کا وزیراعظم شہباز شریف سے بڑی والہانہ محبت کا اظہار کیا، وزیراعظم کا ہاتھ تھامے اپنے جہاز میں لے گئے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف اور متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زید النہیان کے درمیان ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زید النہیان پاکستان کے نجی دورے پر رحیم یار خان پہنچے، ایئرپورٹ پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر وزیر اطلاعات ونشریات محترمہ مریم اورنگزیب، نگران وزیراعلیٰ پنجاب بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

الیکشن کمیشن نے وزارت خزانہ کو خط لکھ کر عام اور ضمنی انتخابات کیلئے 61 ارب روپے مانگ لئے

عام انتخابات کا تخمینہ 45 ارب روپے تھا جو اب بڑھ کر 61 ارب روپے سے زائد ہوگیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے وزارت خزانہ کو خط لکھ کر عام اور ضمنی انتخابات کیلئے 61 ارب روپے مانگ لئے، عام انتخابات کا تخمینہ 45 ارب روپے تھا جو اب بڑھ کر 61 ارب روپے سے زائد ہوگیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق الیکشن کمیشن نے عام اور ضمنی انتخابات کے لئے وزارت بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

ہمارے قائد اور رہنماؤں نے کبھی اداروں کو گالی نہیں دی، وزیر اطلاعات

اگر سیاسی گرفتاری کرنا ہوتی تو عمران خان اور فواد چوہدری جیسے لوگ کب کے جیلوں کے پیچھے ہوتے، یہ جھوٹ بولتے ہیں

فواد چوہدری کیخلاف سیکرٹری الیکشن کمیشن نے ایف آئی آر درج کرائی، گرفتاری کو سیاسی رنگ نہ دیا جائے، مریم اورنگزیب کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ فواد چوہدری کیخلاف سیکرٹری الیکشن کمیشن نے ایف آئی آر درج کرائی ہے، گرفتاری کو سیاسی رنگ نہ دیا جائے، فواد چوہدری نے الیکشن کمیشن ممبران کے بچوں کو کھلے عام دھمکیاں دیں، نو ماہ سے حکومت میں ہیں اور ان کی زبانیں سن رہے ہیں، اگر سیاسی گرفتاری کرنا ہوتی تو عمران خان اور فواد چوہدری جیسے لوگ کب کے جیلوں کے پیچھے ہوتے، ہمیں معلوم ہے یہ جھوٹ بولتے ہیں، ہم تنقید سننا جانتے ہیں، نواز شریف کو اقامے پر گرفتار و نااہل کر کے پارٹی صدارت سے ہٹایا گیا، ہمارے کئی رہنماؤں کو گرفتار کیا گیا، یہ سیاسی انتقام تھا، ہمارے قائد اور رہنماؤں نے کبھی اداروں کو گالی نہیں دی، سربراہان کے بچوں اور خاندانوں کو دھمکیاں نہیں دیں، پی ٹی آئی کے آفیشل پارٹی اکاؤنٹ سے افواج پاکستان کے شہداء کے خلاف مہم چلائی گئی، یہ سب کچھ اعلانیہ کیا، فواد چوہدری کی گرفتاری سیاسی نہیں، اس فرق کو سمجھنا پڑے گا، یہ نہیں ہوسکتا ہے عمران خان بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

صدر مملکت سے گورنر بلیغ الرحمان کی ملاقات، مجموعی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

صدر، جمہوری حکومت احسن طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دے رہی، گورنر پنجاب سے سابق اراکین اسمبلی سمیت دیگر اہم شخصیات کی ملاقاتیں

لاہور (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے ملاقات کی۔ گورنر ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں ملک کی مجموعی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ علاوہ ازیں گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن سے گورنر ہاؤس لاہور میں سابق اراکین اسمبلی سمیت اہم شخصیات نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن نے کہا کہ جمہوری اقدار کے فروغ اور آئین کی بالادستی سے ہی ملک کی ترقی اور بہتری ممکن ہے۔ گورنر بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

موجودہ سیٹ اپ پاکستان کو تباہی کی طرف لے کر جا رہا ہے، عمران خان

آئی ایم ایف نے سری لنکا کی فوج کا بجٹ آدھا کرنے کا کہہ دیا ہے، مصر سے کہا ہے فوج کی فضول خرچیاں کم کرو، ہم بھی قیمت ادا کرینگے

کیسے ادارے ان چوروں کے ساتھ کھڑے ہوگئے، جمہوریت میں بتائیں کیا یہ جرم ہوتا ہے کہ کسی کو منشی کہہ دیا، پی ٹی آئی چیئرمین کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف وسابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ موجودہ سیٹ اپ پاکستان کو تباہی کی طرف لے کر جا رہا ہے، میں ان چوروں کو مان جاؤں گا یا ان کی غلامی کروں گا ایسا ممکن نہیں، آخری گیند تک لڑوں گا، آخری سانس تک ان کا مقابلہ کروں گا، مجھے جیل کی کوئی فکر نہیں، آج آئی ایم ایف نے سری لنکا کی فوج کا بجٹ آدھا کرنے کا کہہ دیا ہے، مصر سے کہا ہے فوج کی فضول خرچیاں کم کرو، ہم بھی قیمت ادا کریں گے، ہماری آزادی خطرے میں ہوگی یا نہیں؟ قومی سلامتی کے ادارے کا سب سے زیادہ اسٹیک ہے کہ پاکستان زیادہ طاقتور ملک بنے، کیسے وہ ادارے ان چوروں کے ساتھ کھڑے ہوگئے، پولیس نے فواد چوہدری کو کیوں پکڑا ہے، جمہوریت میں بتائیں کیا یہ جرم ہوتا ہے کہ کسی کو منشی کہہ دیا، یہ محسن نقوی کو لے کر آئے ہیں جس سے لگتا ہے بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

محسن نقوی نے بغیر کسی تاخیر کام شروع کر دیا، شاہ محمود قریشی

پاکستان کے ساتھ کھلواڑ بند کیا جائے ورنہ حالات قابو میں نہیں رہیں گے

یہ لوگ عمران خان کی مقبولیت کے خوف سے پورے ملک کو داؤ پر لگانا چاہتے ہیں، وائس چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین وسابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے پارٹی رہنما، فواد چوہدری کی گرفتاری پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ فواد چوہدری کی بغیر وارنٹ گرفتاری جمہوریت پر زور دار طمانچہ ہے، پاکستان کے ساتھ کھلواڑ بند کیا جائے ورنہ حالات کسی کے قابو میں نہیں رہیں گے۔ اپنے ایک بیان میں سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے پارٹی رہنما فواد چوہدری کی گرفتاری پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ فواد چوہدری کی بغیر وارنٹ گرفتاری جمہوریت بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

پاک ایران راہداری گیٹ کو چار سالوں کے بندش کے بعد کھول دیا گیا

تفتان (این این آئی) پاک ایران راہداری گیٹ کو چار سالوں کے بندش کے بعد کھول دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر تفتان بلال شبیر، رسالدار میجر اکبر جان سنجرانی، عبدالودود سنجرانی ودیگر قبائلی عمائدین نے سرحدی شہر تفتان میں چار سالوں کی طویل بندش کے بعد اسسٹنٹ کمشنر تفتان بلال شبیر نے ربن کاٹ کر کے باقاعدہ افتتاح کر دیا یاد رہے بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

مسلم دنیا میں جہل، توہم پرستی کا اندھیرا چھایا ہوا ہے، پروفیسر عطاء الرحمن

مسلم دنیا میں کسی ادارے کو نوبل پرائز نہیں ملا، ماہرین کا بین الاقوامی مرکز جامعہ کراچی میں کانفرنس کے اجلاس سے خطاب

شیخ الجامعہ پروفیسر خالد عراقی، پروفیسر اقبال چوہدری، کانفرنس کے ڈاکٹر شیخ زکریا، ڈاکٹر اشرف شالان نے بھی خطاب کیا

کراچی (این این آئی) سابق وفاقی وزیر برائے سائنس اور ٹیکنالوجی پروفیسر ڈاکٹر عطاء الرحمن نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلم دنیا میں جہل اور توہم پرستی کا اندھیرا چھایا ہوا ہے، مسلم ممالک کے کسی بھی سائنسی ادارے نے ابھی تک کوئی ایک نوبل پرائز حاصل نہیں کیا ہے جبکہ برطانیہ کی یونیورسٹی آف کیمبرج نے تنہا 121 نوبل پرائز حاصل کیے ہیں، کانفرنس کو چاہیے کہ وہ پالیسی سازی میں تعلیم، سائنس، ٹیکنالوجی اور انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن پر خصوصی فوقیت دیں۔ یہ بات انہوں بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

شہریوں کو سستا آٹا فراہم کرنے کے لیے 20 کلو آٹے کی 500 تھیلوں کا ایک ٹرک قلات پہنچ گیا

قلات (این این آئی) قلات میں محکمہ خوراک بلوچستان کی جانب سے شہریوں کو سستا آٹا فراہم کرنے کے لیے 20 کلو آٹے کی 500 تھیلوں کا ایک ٹرک قلات پہنچ گیا محکمہ فوڈ کی جانب سے بیس کلو آٹے کی تھیلے کو 1510 روپے میں لوگوں کو فروخت کیا گیا سستے آٹے کے حصول کے لیے لوگوں کی لمبی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق قلات میں بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، وفاقی وزیر برائے انسداد منشیات نوابزادہ شاہ زین بگٹی آن لائن پورٹل پری کرسر مینجمنٹ سسٹم (پی ایم ایس) کے افتتاح کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

فواد چوہدری کی گرفتاری میں الیکشن کمیشن سیاسی فریق بن گیا، شیخ رشید

الیکشن کمیشن کا کام پرچے کروانا نہیں، الیکشن کروانا ہے، حکومت کے ارادے واضح ہوچکے ہیں

فواد کی گرفتاری جلتی پر پیٹرول کا کام کرے گی، آئی ایم ایف کی شرائط سے پہلے گرفتاریوں کا دور شروع ہوگا، سابق وزیر

اسلام آباد (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ فواد چوہدری کی گرفتاری میں الیکشن کمیشن سیاسی فریق بن گیا، الیکشن کمیشن کا کام پرچے کروانا نہیں، الیکشن کروانا ہے، حکومت کے ارادے واضح ہوچکے ہیں، آئی ایم ایف کی شرائط سے پہلے گرفتاریوں کا دور شروع ہوگا۔ پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری کی گرفتاری پر ردعمل میں سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا کہ آئی ایم ایف کی شرائط سے پہلے گرفتاریوں کا دور شروع ہوگا جس کے بعد عوام حکومت کا سڑکوں پر کام تمام ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جو قوم الیکشن کمیشن پر اعتبار نہیں کر رہی، وہ الیکشن کے نتائج پر کیا خاک اعتبار کرے گی۔ سابق وفاقی وزیر داخلہ نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وزیروں کا جمعہ بازار لگا ہے، سیاسی اقتصادی معاشی اور توانائی کا بحران حکومت کے گلے پڑنے بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

امپورٹڈ حکومت اسمبلیوں کے تحلیل ہونے سے بوکھلاہٹ کا شکار ہوچکی، زرتاج گل

فواد چوہدری اور بھائی کی گرفتاری قابل مذمت ہے، بڑھتی مہنگائی سے خودکشی پر مجبور عوام نااہل، اجلاس سے خطاب

ملتان (این این آئی) سابق وفاقی وزیر و صدر جنوبی پنجاب ویمن ونگ زرتاج گل و دیگر نے کہا ہے کہ امپورٹڈ حکومت اسمبلیوں کے تحلیل ہونے سے بوکھلاہٹ کا شکار ہوچکی، فواد چوہدری اور بھائی کی گرفتاری قابل مذمت ہے، بڑھتی مہنگائی سے خودکشی پر مجبور عوام نااہل کرپٹ حکومت سے جلد از جلد چھٹکارا چاہتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سابق وفاقی وزیر وصدر جنوبی پنجاب ویمن ونگ زرتاج گل کی زیر صدارت تحریک انصاف جنوبی پنجاب ویمن ونگ کے صدور و جنرل سیکرٹریز کا اجلاس منعقد بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

حکومت منشیات کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے پرعزم ہے، شاہ زین بگٹی

تمام ذیلی ایجنسیوں و اداروں کی معاونت سے منشیات کا استعمال روکنے کے بھرپور اقدامات جاری ہیں

صنعتی کنٹرولڈ کیمیکلز کی درآمد کیلئے پری کرسر مینجمنٹ سسٹم سودمند ثابت ہوگا، وفاقی وزیر کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انسداد منشیات نوابزادہ شاہ زین بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت منشیات کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے پرعزم ہے، حکومت ملک سے منشیات کی لعنت کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، وزارت انسداد منشیات و اس کے تمام ذیلی ایجنسیوں و اداروں کی معاونت سے منشیات کا استعمال روکنے کے بھرپور اقدامات جاری ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو وزارت انسداد منشیات کے زیر اہتمام کنٹرولڈ پری کرسر کیمیکلز کی درآمد کے سلسلے میں صنعتی اداروں کی رجسٹریشن اور "عدم اعتراض کے سرٹیفکیٹ (این او سی)" کی درخواست کے لئے خودکار نظام پر مبنی آن لائن پورٹل "پری کرسر مینجمنٹ سسٹم (پی ایم ایس)" کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب میں کیا۔ خودکار آن لائن پورٹل کے اجرا کے بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

بلدیاتی انتخابات میں بدنیتی ثابت ہونے پر ملوث لوگوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، چیف الیکشن کمشنر

الیکشن میں دھاندلی کا الزام نہیں لگا لیکن بڑے پیمانے پر بے ضابطگی ہوئی ہے، 6 یونین کونسل ایک مثال ہیں جن کو الیکشن کمیشن کا واضح بیان

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان میں کراچی میں منعقدہ بلدیاتی انتخابات میں بے قاعدگیوں کے حوالے سے جماعت اسلامی کی درخواست پر سماعت کے دوران چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا نے کہا ہے کہ بدنیتی ثابت ہونے پر صرف انتخابات کا نتیجہ درست نہیں ہوگا بلکہ ملوث لوگوں کے خلاف سخت کارروائی بھی ہوگی۔ جماعت اسلامی کی درخواست پر الیکشن کمیشن میں بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کی مقامی عدالت میں پسند کی شادی کرنے والا جوڑا تحفظ کے لیے ڈیرہ اللہ یار پہنچ گیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) کوئٹہ کی مقامی عدالت میں پسند کی شادی کرنے والا جوڑا تحفظ کے لیے ڈیرہ اللہ یار پہنچ گیا، لڑکی کے والدین اور رشتہ دار قتل کی دھمکیاں دے رہے ہیں، تحفظ فراہم کیا جائے، تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کی مقامی عدالت میں پسند کی شادی کرنے والے نوجوان دلاور بگٹی بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

فواد چوہدری کی آرمی چیف، ڈی جی آئی ایس آئی اور چیف جسٹس پاکستان سے اپیل

میری گرفتاری کا نوٹس لیں، نوٹس لیں کہ ملک میں کیا ہو رہا ہے، زیادتی کے خلاف بولنا بغاوت نہیں، سابق وزیر

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے آرمی چیف، ڈی جی آئی ایس آئی اور چیف جسٹس پاکستان سے اپیل کی ہے کہ ان کی گرفتاری کا نوٹس لیا جائے۔ میڈیا سے گفتگو میں فواد چوہدری نے کہا کہ آرمی چیف، ڈی جی آئی ایس آئی اور چیف جسٹس پاکستان میری گرفتاری کا نوٹس لیں، درخواست ہے کہ وہ نوٹس لیں کہ ملک میں کیا ہو رہا ہے، زیادتی کے خلاف بولنا بغاوت نہیں ہے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ یہاں لوگوں کے منہ بند کیے جا رہے ہیں، الیکشن کمیشن آف پاکستان پر ہمارے بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

نواز شریف کی رانا ثناء اللہ کو ناراض لیگی رہنماؤں سے ملاقات، تحفظات دور کرنے کی ہدایت

لندن (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کو ہدایت کی ہے کہ ناراض دوستوں سے ملاقات کر کے ان کے تحفظات دور کریں۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف نے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کو اہم ٹاسک سونپتے بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

عدالت کے تین حکم نامے آتے ہیں لیکن یہ فواد چوہدری کو اسلام آباد لے گئے، فرخ حبیب

عوام چیف جسٹس پاکستان کی طرف دیکھ رہی ہے، جنہوں نے پیش نہیں کیا ان کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما فرخ حبیب نے کہا ہے کہ فواد چوہدری کو ان کے گھر سے اغوا کیا گیا، عدالت کے تین حکم نامے آتے ہیں لیکن یہ فواد چوہدری کو اسلام آباد لے گئے۔ زمان پارک کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عدالت میں جھوٹ بولا گیا کہ فواد چوہدری کو اسلام آباد پولیس لے کر گئی ہے، عوام چیف جسٹس پاکستان اور سپریم کورٹ کی طرف دیکھ رہی ہے، جنہوں نے فواد چوہدری کو عدالت میں پیش نہیں کیا ان کے خلاف کارروائی ہونی بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، سینیٹر امیر جماعت اسلامی سراج الحق پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان نہیں حکمران ناکام ہوگئے، اوورسیز پاکستانی ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچا سکتے ہیں، سراج الحق

اوورسیز ہر سال ملک میں 30 ارب ڈالر بھیجتے ہیں، ان کا اعتماد بحال ہوجائے تو ترسیلات زر 50 ارب ڈالر تک جاسکتی ہیں

90 لاکھ اوورسیز کو محسن پاکستان شناختی کارڈ جاری کیا جائے گا، ان کی فیملی اور پراپرٹیز کی حفاظت کو یقینی بنائیں گے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ پاکستان نہیں حکمران ناکام ہوگئے، اوورسیز پاکستانی ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچا سکتے ہیں، اوورسیز ہر سال ملک میں 30 ارب ڈالر بھیجتے ہیں، ان کا اعتماد بحال ہو جائے تو ترسیلات زر 50 ارب ڈالر تک جا سکتی ہیں، مگر یہاں چند ارب ڈالر کے لیے آئی ایم ایف کے ترلے ہو رہے ہیں۔ ملک پر مسلط حکمرانوں کی وجہ سے پاکستانی پاسپورٹ کی تنزلی 92 نمبر تک پہنچ گئی، صرف یمن، افغانستان اور صومالیہ کے پاسپورٹس گرین پاسپورٹ سے پیچھے ہیں، جماعت اسلامی اقتدار میں آ کر اپنا پاکستان بنائے گی جس کے پاسپورٹ پر اوورسیز فخر کریں۔ اقتدار میں آ کر بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

الیکشن کمیشن اتنا چھوئی موئی ہے کہ سیاستدانوں کے دیے گئے بیانات پر پرچے کراتا پھر رہا ہے، مصطفیٰ نواز کھوکھر کا فواد چوہدری کی گرفتاری پر ردعمل

اسلام آباد (این این آئی) سابق سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر نے سابق وزیر فواد چوہدری کی گرفتاری پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن اتنا چھوئی موئی ہے کہ سیاستدانوں کے دیے گئے بیانات پر پرچے کراتا پھر رہا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات سے اس (الیکشن کمیشن) کی رہی سہی ساکھ کو بھی نقصان پہنچے گا، جب بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

راولپنڈی، سعودی عرب کے اسسٹنٹ وزیر دفاع سے پاکستانی وزیر دفاع خواجہ آصف ملاقات کر رہے ہیں

شال بقیہ 1

بڑھ جانے کوئٹہ شہر میں بڑھتے ہوئے گیس حادثات کے باعث اموات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے گیس کمپنی کے غیر ذمہ دارانہ رویہ کا نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا ہے وزیر اعلیٰ کا کہنا ہے کہ گیس پریشر میں کمی کی وجہ سے شہریوں کی زندگیوں کو شدید خطرات لاحق ہیں اور گزشتہ چند دنوں میں گیس حادثات میں دس سے زائد افراد زندگی گنوا چکے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ شدید سرد موسم میں شہریوں کو گیس میسر نہیں بلوچستان طویل عرصہ تک ملک کی گیس کی ضروریات پوری کرتا رہا ہے لیکن آج جب ہمیں گیس کی ضرورت ہے تو گیس دستیاب نہیں وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ گیس کی فراہمی کے حوالے سے بلوچستان کے ساتھ امتیازی رویہ ناقابل برداشت ہے انہوں نے کہا ہے کہ آج جب صوبائی حکومت نے ایس ایس جی سی کے دفتر سے رابطہ کیا تو کوئی بھی ذمہ دار فرد موجود نہیں تھا وزیر اعلیٰ نے وزیر اعظم اور وفاقی وزیر توانائی سے فوری مداخلت کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس کمپنی کے رویہ کے باعث شہریوں میں اشتعال پایا جاتا ہے گیس کی عدم دستیابی کے باعث امن امان کی صورتحال خراب ہونے کا احتمال ہے جس کی ذمہ دار گیس کمپنی ہوگی۔

شال بقیہ 2

ہو گئیں۔ دوسرا واقعہ سریاب روڈ پر واقعہ بولان ٹاؤن میں پیش آیا جہاں پولیس کے سب انسپکٹر شبیر احمد گجر گیس لیج کے باعث دم گھٹنے سے جاں بحق جبکہ ایک خاتون کی حالت غیر ہوگئی۔ پولیس نے لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ دوسری جانب شہر میں ایک ہفتے کے دوران گیس لیج کے باعث دم گھٹنے اور دھماکوں کے نتیجے میں 15 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں گزشتہ روز جان محمد روڈ پر چار جبکہ چند روز قبل مسلم اتحاد کالونی میں گیس لیج کے باعث 6 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گیس لیج کے باعث دھماکے سے دو مختلف واقعات میں پولیس اہلکار 4 بچوں سمیت 5 افراد جاں بحق جبکہ 2 خواتین زخمی ہو گئیں کوئٹہ میں گزشتہ 2 روز میں گیس کے باعث دم گھٹنے سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد ہو گئی ہے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے خروٹ آباد میں بادیزئی تان میں رہائش پذیر گیس لیک ہونے کے باعث گھر میں دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں 4 بچے 8 سالہ قدرت اللہ، فرشتہ بی بی، تین سالہ بسیرہ، 13 سالہ جانان، ماں حضرت بی بی، فاطمہ بی بی زخمی ہو گئی۔ دھماکے سے گھر کی چھت منہدم ہو گئی اور گھر کو شدید نقصان پہنچا اسی طرح دوسرے واقعہ میں تھانہ شالکوٹ کے سب انسپکٹر شبیر احمد گجر سریاب روڈ پر اپنے گھر میں گیس لیک ہونے کے باعث جاں بحق ہو گئے۔ نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔ یاد رہے کہ گزشتہ کئی روز سے کوئٹہ اور شمالی علاقوں میں شدید سردی کے باعث درجہ حرارت نقطہ انجماد سے گرنے کے بعد عوام سردی سے بچنے کے لئے لاپرواہی کرتے ہوئے گیس کا ہیٹر جلتا ہوا چھوڑ کر سو جاتے ہیں کمرے میں آکسیجن کی کمی کے باعث دم گھٹنے یا گیس لیک ہونے سے صبح ہیٹر جلانے کے لئے ماچس کی تیلی لائٹ جلاتے ہیں تو دھماکے سے انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہے اور درجنوں افراد زخمی ہو رہے ہیں۔ گزشتہ روز بھی ایک ہی گھر کے چار افراد باپ اور تین بیٹے گیس لیک ہونے کے باعث لقمہ اجل بن گئے ہیں۔

شال بقیہ 3

سید محسن رضا نقوی اور وزیر اعظم کے معاونین خصوصی سید طارق فاطمی، عطاء اللہ تارڑ بھی موجود تھے۔ ایئرپورٹ پر ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے متحدہ عرب امارات کے اپنے حالیہ دورہ کا ذکر کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ دونوں ممالک متحدہ عرب امارات کے دورے کے دوران دونوں رہنماؤں کے درمیان مختلف شعبوں میں طے پانے والے مفاہمت کے حوالے سے بھرپور کام کیا جائے گا۔ یو اے ای کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات کئی دہائیوں پر محیط ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کے والد جو کہ پاکستان اور اس کے عوام سے بے پناہ محبت رکھتے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ پاکستان کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعظم کو یقین دلایا کہ متحدہ عرب امارات ہمیشہ پاکستان کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم اور اماراتی صدر کی ملاقات برادرانہ ماحول میں ہوئی، شیخ محمد بن زاید نے وزیر اعظم شہباز شریف سے بڑی والہانہ محبت کا اظہار کیا اور وزیر اعظم کا ہاتھ تھامے اپنے جہاز میں لے گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ صدر یو اے ای نے وزیر اعظم کو پاکستان میں بڑی سرمایہ کاری کرینگا بھی عندیہ دیا، آپ تیاری کریں، یو اے ای پاکستان میں بڑی سرمایہ کاری کریگا۔ ذرائع کے مطابق یو اے ای کے صدر نے وزیر اعظم کی اپنے اہل خانہ اور بچوں سے بھی ملاقات کرائی، وزیر اعظم نے یو اے ای کے صدر کے بچوں سے عربی اور انگریزی میں گفتگو کی۔

شال بقیہ 4

بنانے کی دھمکی دہشتگردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی کے ساتھ اختلاف کا اظہار دھمکی دے کر کرنا غلط ہے، عمران خان غیر ملکی ایجنڈے کے تحت اداروں کو نشانہ بنا رہا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عمران پہلے اپنے بچے پاکستان لائے پھر دوسروں کے بچوں کی بات کرے، عمران اور اسکا ٹولہ دھمکی اور بدتمیزی کے گھٹیا کلچر کو فروغ دے رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عمران احمد نیازی کی سیاست ختم ہو چکی اب بلیک میلنگ کے ذریعے اقتدار میں آنا چاہتا ہے، اداروں کو کمزور کرنے سے ریاست اور قانون مذاق بن جائے گا۔

شال بقیہ 5

گالیاں اور دھمکیاں دے اور اسے آشتی دیا جائے۔ بدھ کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ صبح سے ٹی وی سکرین پر پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری کی گرفتاری کے حوالے سے گفتگو چل رہی ہے، کچھ لوگ اس گرفتاری کو سیاسی رنگ اور اسے آزادی اظہار رائے کے ساتھ جوڑنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فواد چوہدری کیخلاف سیکرٹری الیکشن کمیشن کی جانب سے تھانہ کوہسار میں ایف آئی آر درج ہے۔ مریم اورنگزیب نے فواد چوہدری کی پریس کانفرنس کے ویڈیو کلپ سناتے ہوئے کہا کہ فواد چوہدری صاحب نے الیکشن کمیشن کے خلاف بیانات دیئے، فواد چوہدری نے الیکشن کمیشن ممبران کے بچوں کو کھلے عام دھمکیاں دیں، فواد چوہدری کی گرفتاری سیاسی نہیں، ہم گزشتہ نو ماہ سے حکومت میں ہیں، فواد چوہدری سمیت پی ٹی آئی کے لوگوں نے ہمارے خلاف جو زبان استعمال کی، اس پر ہم نے اگر سیاسی گرفتاری کرنا ہوتی تو یہ لوگ کب کے جیلوں کے پیچھے ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے 2018ء سے 2022ء تک اختیارات کا ناجائز استعمال کیا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ نواز شریف کو جب اقامہ پر گرفتار کیا گیا، انہیں نااہل کر کے پارٹی صدارت سے ہٹایا گیا، یہ سیاسی انتقام تھا، نواز شریف نے کبھی ادارے کو گالی نہیں دی، اداروں کے سربراہان کے بچوں، ان کے خاندانوں کو دھمکیاں اور گالیاں نہیں دیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ نواز شریف اپنی بیٹی کے ساتھ روزانہ کی بنیادوں پر نیب کی عدالت میں پیشیاں بھگت رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے حکم پر نیب اور پنجاب پولیس نے نواز شریف کی بیٹی کے گھر پر دھاوا بولا۔ انہوں نے کہا کہ میری موجودگی میں شاہد خاقان عباسی گرفتار کیا گیا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ عمران خان نے بغیر وارنٹ گرفتاریاں کر کے سیاسی انتقام لیا۔ انہوں نے کہا کہ رانا ثناء اللہ کے خلاف 20 کلو ہیروئن کا مقدمہ بنایا گیا آج تک بیگ نہیں ملا، فریال تالپور کو عید والے دن ہسپتال سے گھسیٹ کر جیل ڈالا گیا، مریم نواز کو والد کے سامنے گرفتار کیا گیا، عمران دور میں پوری اپوزیشن کو بغیر وارنٹ جیلوں میں ڈالا گیا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ نہال ہاشمی نے توہین عدالت کی پارٹی نے بھی مذمت کی تھی، یہ لائن آج عدالتوں اور اداروں کو ذرا کرنی پڑے گی، گالیاں، دھمکیاں دینے والوں کو آشتی نہیں دیا جاسکتا۔

شال بقیہ 6

والا ہے۔ ملک جام ہے، حکومت کا کام تمام ہے۔ انہوں نے کہا کہ فواد کی گرفتاری جلتی پر پیٹرول کا کام کریگی، اب ملک الیکشن کے بجائے تشدد کی راہ پر چل پڑا ہے، فیصلے سڑکوں پر ہوں گے۔

شال بقیہ 7

ملک کی پہلی جدید اوورسیز یونیورسٹی قائم کریں گے، جماعت اسلامی سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لیے قومی اسمبلی اور سینیٹ میں بھرپور آواز اٹھائے گی، اوورسیز پاکستانیوں سے اپیل ہے کہ وہ جدید پاکستان کی تعمیر کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی شعبہ امور خارجہ کے زیر اہتمام بدھ کو اسلام آباد میں اوورسیز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کنونشن میں برطانیہ، فرانس، اٹلی، سعودی عرب، ترکی، ملائشیا، قطر، کویت، نیوزی لینڈ، ہانگ کانگ، بوسنیا، سپین ساتھ افریقہ سمیت 26 سے زائد ممالک کے نمائندوں نے شرکت کی۔ سراج الحق نے کہا کہ اوورسیز کے ہوتے ہوئے ملک کو کسی آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کے قرضے کی ضرورت نہیں، حکمرانوں نے اوورسیز کا اعتماد مجروح کیا، جماعت اسلامی اقتدار میں آ کر سمندر پار پاکستانیوں کا اعتماد بحال کرے گی اور قرض فری پاکستان کی بنیاد رکھے گی۔

شال بقیہ 8

موقع پر بتایا گیا کہ یو این او ڈی سی نے نئے سسٹم کے لئے تکنیکی معاونت فراہم کی ہے اور یہ منصوبہ حکومت جاپان کے مالی تعاون سے مکمل کیا گیا ہے۔ نئے پورٹل کی باضابطہ افتتاحی تقریب وفاقی وزیر نوابزادہ شاہ زین بگٹی کی صدارت میں منعقد ہوئی، دیگر اہم شرکاء میں وفاقی سیکرٹری وزارت انسداد منشیات، چیئرمین پاکستان کیمیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی سی ایم اے) اور یو این او ڈی سی کنٹری آفس پاکستان (کوپیک) کے نمائندہ بھی شامل تھے۔ مختلف وفاقی وزارتوں اور متعلقہ محکموں کے افسران، صنعتی شعبے کے سینئر نمائندوں اور عطیہ دینے والے بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ پاکستان میں یو این او ڈی سی کنٹری آفس کے نمائندے ڈاکٹر جیریمی ملسم نے بتایا کہ انٹرنیٹ کے ذریعے کام کرنے والے نئے پی ایم ایس سسٹم کی بدولت متعلقہ قومی اداروں کی استعداد میں نمایاں بہتری آئی ہے اور اب وہ کنٹرولڈ پری کرسر کیمیکلز کے صنعتی شعبے میں قانونی استعمال کے لئے درآمد کے سلسلے میں ڈیٹا حاصل کرنے، اسے استعمال میں لانے اور اس کی تشریح کرنے کے ساتھ ساتھ درخواستوں کی منظوری کے لئے براہ راست محفوظ طریقے سے کام کر سکتے ہیں۔

شال بقیہ 9

ان کا انتخابات کرانے کا کوئی ارادہ نہیں۔ اپنی رہائشگاہ پر ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ مختلف چیزیں بار بار کہہ چکا ہوں اور مجھے لگتا ہے کہ اس کا عوام پر اثر ہونا شروع ہو گیا ہے اور لوگوں کو سمجھ آنا شروع ہو گئی ہے۔ میں نے 26 سال پہلے اپنی پارٹی کا نام انصاف کی تحریک رکھا تھا، جانوروں کے معاشرے میں انصاف نہیں ہوتا، جہاں انسانی معاشرہ ہوتا ہے وہاں انصاف ہوتا ہے، جہاں جس کی لاٹھی اس کی بھینس کا قانون ہو وہ بنانا ری پبلک ہوتا ہے، جب سے میں وزیر اعظم بنا میں بار بار مدینہ کی ریاست کی بات کرتا رہا، مدینہ کی ریاست کی بنیاد عدل و انصاف پر رکھی گئی تھی، نبی کریمؐ نے پندرہ سو سال پہلے کہہ دیا تھا کہ وہ قومیں جو طاقتور کے لئے ایک قانون بناتی ہیں اور ان کو نہیں پکڑتیں اور کمزوروں کو جیلوں میں ڈالتی ہیں وہ تباہ ہو جاتی ہیں، موجودہ سیٹ اپ ملک کو تباہی کے راستے کی طرف لے کر جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ نے مجھے سب کچھ دے بیٹھا ہے۔ کسی انسان کو اس ملک اس طرح کی عزت نہیں ملی جو مجھے ملی ہے۔ میری حکومت کو سازش کے تحت باہر نکالا گیا لیکن لاکھوں کی تعداد میں لوگ سڑکوں پر نکلے، اس سے پہلے کب کس وزیر اعظم کے لئے اس طرح لوگ نکلے تھے، اس کے بعد میرے لئے وزارت عظمیٰ کیا چیز ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم سے کہنا چاہتا ہوں کہ آج آپ ایک خطرناک موڑ پر کھڑے ہیں اللہ نے ہمیں جو حکم دیا ہوا ہے وہ جہاد ہے، ظلم اور ناانصافی کے سامنے کھڑا ہونا جہاد ہے۔

شال بقیہ 10

خزانہ سے 61 ارب روپے مانگ لئے۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن عمر حمید خان کی جانب سے لکھے گئے خط میں کہا گیا کہ عام انتخابات کے انعقاد کے لئے عام انتخابات کا تخمینہ 45 ارب روپے تھا جو بڑھ کر 61 ارب روپے سے زائد ہو گیا، خط کے مطابق پنجاب اور خیبر پختونخوا کے انتخابات کیلئے منظور شدہ 20 ارب روپے فوری جاری کرنے کے لئے کہا گیا جبکہ الیکشن کمیشن نے ٹیکنیکل سپلیمنٹری کے لئے 14 ارب روپے سے زائد کے فنڈز بھی طلب کئے ہیں۔

شال بقیہ 11

شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ جب سیاست انتقام، دشمنی اور نفرت میں بدل جائے تو مکالمے کی گنجائش نہیں رہتی۔ پاکستان میں سیاست کو اسی نہج تک پہنچا دیا گیا ہے۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ جب معاشی و سیاسی مسائل اس نہج پر پہنچ جائیں تو ان کا حل تلاش کرنا چاہیے۔ اس کے لیے ری امیجنگ پاکستان کے فورم سے گفتگو کا آغاز کیا ہے۔ قومی مسائل پر مباحثہ کا مقصد سیاسی جماعتوں کو جگانا ہے اور حل تلاش کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف سیاسی جماعتوں سے وابستہ رہنماؤں نے ری امیجنگ پاکستان کے نام سے ایک تھنک ٹینک قائم کیا ہے جس کے تحت مختلف شہروں میں مذاکرے ہو رہے ہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ ملک کو گھمبیر صورت حال سے نکالنے کے لیے سب اداروں کو بیٹھ کر سوچنے کی ضرورت ہے جو کہ ان کی نظر میں نہیں ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسائل کا حل آئین کے اندر ہے۔ حل معاملات سے وابستگی میں ہے، اقتدار کی تلاش میں نہیں۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ ملک میں بہت سے فیصلے ماورائے آئین ہوتے ہیں اور فوج و عدلیہ اپنے آئینی دائرہ اختیار سے باہر نکل کر ملک کے معاملات پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب آپ ملک کے معاملات پر اثر انداز ہوتے ہیں تو اس کے اثرات ہوتے ہیں۔ اس کی ذمہ داری بھی آپ پر آئے گی۔ آج ہم سب کو اپنی ذمہ داری قبول کرنی ہوگی، چاہے آئین کے اندر ہوں یا باہر۔ حکومت کی عوامی مقبولیت پر بات کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) حزب اختلاف میں تھی تو تمام ضمنی انتخابات جیتے۔ تاہم اقتدار میں آنے کے بعد حالات میں استحکام لانے کے لیے مشکل فیصلے لینا پڑے۔ اسے اس کی سیاسی قیمت کی ادائیگی کا پہلے سے ادراک تھا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے اپنی سیاست کو ملک کے لیے قربان کیا کیوں کہ سابق وزیر اعظم عمران خان نے آئی ایم ایف پروگرام میں ہوتے ہوئے 100 روپے کم قیمت پر پیٹرول دیا جس سے ماہانہ ایک ارب ڈالر کا قومی خزانے پر بوجھ پڑا۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ موجودہ سیاسی و معاشی حالات میں ملک کو تین ماہ کے عرصے کے لیے نگران حکومت پر نہیں چھوڑا جاسکتا۔ نہ ہی پاکستان فوری عام انتخابات کا متحمل ہو سکتا ہے۔

شال بقیہ 12

بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت نے ملک بھر کے سرکاری ملازمین کی موجودہ تنخواہ میں 10 فیصد کٹوتی کا فیصلہ کر کے ملازمین کیساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک روا رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں معاشی عدم استحکام کی وجہ سے سرکاری ملازمین کو قربانی کا بکرا بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں نے اپنی عیاشیوں کیلئے ملک کو کنگال کر دیا اب اس کا سارا ملبہ سرکاری ملازمین پر گرا دیا جو ظلم کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے مہنگائی کے اس دور میں ملازمین کی تنخواہ سے 10 فیصد کٹوتی کی تو ملک بھر کے سرکاری ملازمین سڑکوں پر نکل کر زبردست احتجاج کریں گے۔

شال بقیہ 13

آئی تھی جب 2 روز قبل ہی پاکستان تحریک انصاف کے تمام 45 اراکین قومی اسمبلی نے اپنے استعفے واپس لینے کی درخواست الیکشن کمیشن میں جمع کرائی تھی۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جن اراکین کو ڈی نوٹیفائی کیا گیا ان میں ریاض فتیانہ، سردار طارق حسین، محمد یعقوب شیخ، پرنس نواز، راز محمد، مرتضیٰ اقبال، فرخ الطاف شامل ہیں۔ دیگر اراکین میں ثوبین حامد، جواد حسین، صائمہ ندیم، تاشفین صفدر، ثوبیہ کمال خان، نگل ہما، رخسانہ نوید، حاجی امتیاز چوہدری، سردار محمد خان لغاری، لال چند، حمزہ حسن اور طارق صادق شامل ہیں۔ یاد رہے کہ پی ٹی آئی رہنما عامر ڈوگر اور ریاض فتیانہ پر مشتمل 2 رکنی وفد کی جانب سے الیکشن کمیشن میں جمع کرائی گئی درخواست میں کہا گیا تھا کہ ہم 45 اراکین قومی اسمبلی اپنے استعفے واپس لے رہے ہیں، اسپیکر اور قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کو استعفیٰ واپس لینے سے متعلق آگاہ کر دیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا تھا کہ اسپیکر قومی اسمبلی اگر ہمارے استعفے منظور کرتے ہیں تو ہمیں ڈی نوٹیفائی نہ کیا جائے۔ یاد رہے کہ پی ٹی آئی کی جانب سے یہ فیصلہ ایسے وقت میں سامنے آیا تھا جب 17 جنوری کو اسپیکر قومی اسمبلی راجا پرویز اشرف نے پاکستان تحریک انصاف کے 34 اراکین اسمبلی کے استعفے منظور کرنے کے تین روز بعد یعنی 20 جنوری کو اس کے مزید 35 اراکین کے استعفے منظور کر لیے تھے۔ اس کے بعد پی ٹی آئی کے مستعفی اراکین کی تعداد 79 ہو گئی تھی، آج ڈی نوٹیفائی اراکین کے ساتھ اس کے مستعفی قانون سازوں کی تعداد 122 ہو گئی ہے۔

شال بقیہ 14

کہ ان پر شیاطین اترتے ہیں، تبدیلی کی حشیش پلا کر سازشی بہروپیے نے بہت سا شر اور گمراہی پھیلائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے غلیظ قول و فعل سے ریاست مدینہ کے مقدس نام کی بار بار توہین کی، ریاست پاکستان کی بنیادیں کمزور کیں، اب مکافات عمل کا وقت ہے۔

شال بقیہ 15

محمد جمعہ نامی شخص جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو حکام نے لاش کو ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 16

کان کنی کے دوران زہریلی گیس بھرنے کے باعث دم گھٹنے سے دو کانکنوں عبداللہ ولد عبدالحلیم اور محمد یعقوب ولد عبدالعزیز ساکنان قمر الدین ژوب کی حالت غیر ہو گئی جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں دونوں افراد کو طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہے۔

شال بقیہ 17

کی حدود میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو ملزمان نظام شاہ اور سید ضیاء الدین کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزمان کو مزید تفتیش کے لئے تھانے منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 18

پولیس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق ازیمسی ایم سی کورس پر جانے والے اسکواڈرن لیڈر (ر) عبدالحق عمرانی کا تبادلہ کر کے کیپٹن (ر) ذوہیب محسن کو ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ تعینات کر دیا گیا جبکہ ایس ایس پی جعفر آباد جواد طارق کو ایس ایس پی گوادر، نجیب اللہ پندرانی کو اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ سی پی او کوئٹہ، سردار حسن موسیٰ خیل کو ایس ایس پی جعفر آباد تعینات کر دیا گیا۔

شال بقیہ 19

برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ ایک گاڑی بھی قبضے میں لے لی۔ ترجمان کے مطابق برآمد شدہ منشیات میں 3,1781 کلو چرس اور 350 کلو افیون شامل ہیں۔ اے این ایف نے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی۔

شال بقیہ 20

لوئر کوہستان ابتدائی اطلاعات کے مطابق قراقرم ہائی وے مد ہانڈہ لوئر کوہستان ((شاٹو زور ذاینہ)) پنڈی سے گلگت جاری تھی کہ راستے میں بریک فیل ہونے کی وجہ سے گہری کھائی میں جاگری جس کے نتیجے میں حادثے میں 02 افراد جاں بحق ہو گئے۔ لوئر کوہستان کنٹرول روم کو اطلاع موصول ہوتے ہی میڈیکل و ریڈ ٹیمز بمعہ ایمبولینس جائے حادثے پہنچیں۔ لوئر کوہستان ریسکیو 1122 لوئر کوہستان کے اہلکاروں نے ڈیڈ باڈیز کو ریکور کر کے تحصیل ہسپتال پٹن منتقل کر دیا۔ جاں بحق افراد میں سید محمد شاہین ولد شاہ جی عالم عمر 33 سال سکنہ شاہ پور شانگلہ، ناصر خان ولد گل محمد خان عمر 23 سال سکنہ شاہ پور شانگلہ شامل ہیں۔

شال بقیہ 21

دے دی۔ بدھ کو جاری اعلامیہ کے مطابق صدر عارف علوی نے نیا تمغہ قائم کرنے کی منظوری اعزازات ایکٹ 1975 کے تحت دی، پاکستان ڈائمنڈ جوبلی تمغہ 2022 افواج پاکستان، سول فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افراد کو پاکستان کی جغرافیائی و سیاسی حدود کے دفاع میں خدمات اور قربانیوں کے اعتراف میں دیا جائے گا، تمغہ عسکریت پسندی اور دہشت گردی کے خاتمے اور اندرونی اور بیرونی طور پر قیام امن کیلئے خدمات اور قربانیوں کے اعتراف میں دیا جائے گا، تمغہ قیام پاکستان کی 75 ویں سالگرہ، 14 اگست 2022ء سے نافذ العمل ہوگا۔

شال بقیہ 22

گیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن نے کہا کہ جمہوری اقدار کے فروغ اور آئین کی بالادستی سے ہی ملک کی ترقی اور بہتری ممکن ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ آئین اور قانون کی پاسداری فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئینی عمل جاری ہے اور تمام اقدامات آئین و قانون کی روشنی میں اٹھائے جائیں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پنجاب میں عبوری حکومت احسن طریقہ سے اپنے فرائض سر انجام دے گی۔ ملاقات کرنے والوں میں چیئرمین وفاقی مدارس بورڈ مولانا حنیف جالندھری، سیکرٹری اطلاعات مرکزی جمعیت اہلحدیث چوہدری کاشف نواز رندھاوا، معاون خصوصی وزیر اعظم ملک عبدالغفار ڈوگر، سینیٹر ظفر چوہدری، سابق ایم این اے پیر اسلم بودلہ، سابق ایم پی اے عامر حیات ہراج، سابق صوبائی وزیر رانا مشہود احمد خان، سابق ایم پی ایز رانا محمد ارشد اور مولانا الیاس منظور چنیوٹی شامل تھے۔ اس موقع پر سابق عوامی نمائندوں نے پی ٹی آئی حکومت کے بالخصوص آخری دنوں میں بے ضابطگیوں، غیر قانونی بھرتیوں اور ٹینڈروں کے بارے میں شکایتوں کے انبار لگا دیے۔

شال بقیہ 23

میں 568 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی اور تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 472 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیمز کی جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (69 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کیا جائے اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات 480 ڈرائیور کم عمر ڈرائیور 33، مسافر 435 اور 133 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 210 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں، جن میں صوبائی دارالحکومت 225 متاثرین کے ساتھ پہلے ملتان 74 حادثات میں 74 متاثرین کے ساتھ دوسرے فیصل آباد 70 حادثات میں 83 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 994 متاثرین میں 866 مرد اور 182 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 211 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم اور 519 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 318 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔

شال بقیہ 24

نے بدھ کو بین الاقوامی مرکز برائے کیمیائی و حیاتیاتی علوم (آئی سی سی بی ایس) جامعہ کراچی کے زیر اہتمام منعقدہ کامسٹیکس کی کوآرڈینیٹنگ کونسل کے چوبیسویں اجلاس کی افتتاحی تقریب سے اپنے خطاب کے دوران کہی۔ افتتاحی تقریب سے کامسٹیکس کی کوآرڈینیٹنگ کونسل کے چیئرپرسن پروفیسر ڈاکٹر اشرف شالان، شیخ الجامعہ کراچی پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود عراقی، آئی سی سی بی ایس، جامعہ کراچی کے سربراہ اور کامسٹیک کے کوآرڈینیٹر جنرل پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال چوہدری، کامسٹیکس کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد نفیس ذکریا اور بین الاقوامی مرکز کی پروفیسر ڈاکٹر فرزانہ شاہین نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر ورلڈ اکیڈمی آف سائنسز کے صدر پروفیسر ڈاکٹر محمد حسن سمیت دیگر ملکی اور غیر ملکی ماہرین بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 25

گزشتہ روز محکمہ خوراک بلوچستان کی جانب سے پانچ سو غریبوں کو 1510 روپے میں بیس کلوگرام کی آٹے فراہم کرنے سستے آٹے کے حصول کے لئے لوگوں کی لمبی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ اس موقع پر شہریوں کا کہنا تھا کہ شدید مہنگائی میں حکومت کی جانب سے سستے داموں آٹا فراہم کرنا خوش آئند ہے مگر روزانہ کے حساب سے زیادہ آبادی کے لئے 500 تھیلے آٹا اونٹ کے منہ میں زیرہ برابر بھی نہیں انہوں نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ قلات کی آبادی کے مطابق سستے آٹے کی کوٹے میں اضافہ کیا جائے۔

شال بقیہ 26

پنجاب نے کہا کہ آئین اور قانون کی پاسداری فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئینی عمل جاری ہے اور تمام اقدامات آئین و قانون کی روشنی میں اٹھائے جائیں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پنجاب میں عبوری حکومت احسن طریقہ سے اپنے فرائض سر انجام دے گی۔ ملاقات کرنے والوں میں چیئرمین وفاقی مدارس بورڈ مولانا حنیف جالندھری، سیکرٹری اطلاعات مرکزی جمعیت اہلحدیث چوہدری کاشف نواز رندھاوا، معاون خصوصی وزیر اعظم ملک عبدالغفار ڈوگر، سینیٹر ظفر چوہدری، سابق ایم این اے پیر اسلم بودلہ، سابق ایم پی اے عامر حیات ہراج، سابق صوبائی وزیر رانا مشہود احمد خان، سابق ایم پی ایز رانا محمد ارشد اور مولانا الیاس منظور چنیوٹی شامل تھے۔ اس موقع پر سابق عوامی نمائندوں نے پی ٹی آئی حکومت کے بالخصوص آخری دنوں میں بے ضابطگیوں، غیر قانونی بھرتیوں اور ٹینڈروں کے بارے میں شکایتوں کے انبار لگا دیے۔

شال بقیہ 27

کورونا وائرس کے پیش نظر گزشتہ چار سالوں سے راہداری گیٹ کو ایرانی حکام نے بند کر رکھا تھا گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر چاغی حسین جان بلوچ کی سربراہی میں وفد نے میرجاوہ میں ایرانی حکام سے ملاقات کی دوران یہ فیصلہ کیا گیا تھا 25 جنوری کو راہداری گیٹ کو کھول دیا جائے گا آج باقاعدہ طور پر پاکستانی حکام نے راہداری گیٹ کو اپنی طرف سے کھول دیا گیا راہداری گیٹ سے پاکستانی سرحدی شہری ڈپٹی کمشنر آفس سے راہداری دستاویزات حاصل کر کے ایران کے سرحدی شہروں میں اپنے رشتہ داروں سے ملنے جاتے ہیں جو دونوں سرحدی شہریوں کے لیے یہ راہداری گیٹ بروقت ملنے کی ایک آسان ذریعہ ہیں عوامی حلقوں کی جانب سے راہداری گیٹ کو چار سالوں کے طویل بندش کے بعد دوبارہ کھولنے پر ضلعی انتظامیہ کی اس اقدام کو سراہا گیا۔

شال بقیہ 28

پر زور دار طمانچہ ہے، پاکستان کے ساتھ کھلواڑ بند کیا جائے ورنہ حالات کسی کے قابو میں نہیں رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جنگوں کے بھی کوئی اصول ہوتے ہیں لیکن یہاں تمام حدود کو پھلانگنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے، یہ لوگ عمران خان کی مقبولیت کے خوف سے پورے ملک کو داؤ پر لگا چاہتے ہیں، یہ کیسی سیاست ہے۔ انہوں نے کہا کہ محسن نقوی کے آنے سے انتخابات متنازع ہو گئے، سی سی پی او لاہور انہیں ہی بنایا گیا جنہوں نے 25 مئی کو تشدد کیا، قوم سے جو کھیل کھیلا جارہا ہے وہ پاکستان کے مفاد میں نہیں ہے۔ پی ٹی آئی رہنما شبلی فراز نے فواد چوہدری کی گرفتاری کو حکومت کی بزدلی قرار دیتے ہوئے اپنے ٹوئٹ میں کہا کہ محسن نقوی کو جس گھناؤنے مقصد کے لئے لایا گیا تھا اس نے وہ کام بغیر کسی دیر کے شروع کر دیا ہے۔ سابق وفاقی وزیر شفقت محمود نے کہا کہ ایسی حرکتیں ہماری آواز بند نہیں کر سکتیں، جمہوریت کے لئے جدوجہد جاری رہے گی۔ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ گرفتاریاں اور تشدد ہمیں ہمارے نظریے سے نہیں ہٹا سکتیں۔

شال بقیہ 29

چاہیے، یہ توہین عدالت ہے۔ انہوں نے کہا کہ 25 مئی کا ذمہ دار سی سی پی او یہاں بیٹھا ہوا ہے، حکومت حواس باختہ ہو چکی، ان کی کانپیں ٹانگ رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دن 12 بجے عدالت نے حکم دیا کہ فواد چوہدری کو پیش کیا جائے، عدالت نے تین بار حکم دیا کہ فواد چوہدری کو پیش کریں لیکن یہ ان کو لے کر اسلام آباد چلے جاتے ہیں، یہ عدالت سے جھوٹ بول رہے ہیں، اسلام آباد لے جانا غیر قانونی ہے۔ فرخ حبیب نے کہا کہ وہ کون ہے جو عدالتوں سے بھی زیادہ طاقتور ہے، کیا پاکستان میں بنیادی انسانی حقوق ختم ہو گئے ہیں؟ عدالتوں کا حکم نہ مان کر توہین عدالت کی گئی، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔

شال بقیہ 30

ہوئے مسلم لیگ (ن) کے ناراض دوستوں سے ملاقاتیں کرنے کی ہدایت دی ہیں۔ نواز شریف نے رانا ثناء اللہ کو ہدایت کی کہ ناراض دوستوں کے تمام تحفظات دور کیے جائیں، آئندہ انتخابات میں مخلص دوستوں کو نظرانداز نہیں کیا جائے گا۔

شال بقیہ 31

خود توہین الیکشن کمیشن کے اختیارات ہیں تو پولیس کے ذریعے گرفتاری کیوں، کیا اب الیکشن کمیشن بھی حساس ادارہ گنا جائے گا۔

شال بقیہ 32

سنگین الزامات سنے جائیں۔ واضح رہے کہ فواد چوہدری کے خلاف اسلام آباد کے تھانہ کوہسار میں مقدمہ درج ہے جو سیکرٹری الیکشن کمیشن کی درخواست پر کیا گیا ہے۔ فواد چوہدری نے الیکشن کمیشن کے خلاف دھمکی آمیز بیان دیا تھا۔

شال بقیہ 33

ہوا جس سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی سینئر صدر جنوبی پنجاب عون عباس بپی، سابق وفاقی وزیر و صدر جنوبی پنجاب ومن ونگ زرتاج گل، جنرل سیکرٹری جنوبی پنجاب تحریک انصاف ومن ونگ شہلہ احسان، آرگنائزیشن سیکرٹری تحریک انصاف جنوبی پنجاب ومن ونگ و سابق ایم پی اے سیمی گل نے کہا کہ پورے جنوبی پنجاب میں خواتین کی ممبر سازی کا عمل تیزی سے جاری ہے خواتین کی ایک بڑی تعداد ہے تحریک انصاف کا حصہ بننا چاہتی ہے، انہیں ضرور پارٹی کا حصہ بنائیں گے تحریک انصاف جنوبی پنجاب ومن ونگ بھی اپنے قائد چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کے ساتھ ہر اول دستہ ہیں اور اس نااہل کرپٹ حکومت کو گھر بھیجنے میں اپنا کردار ادا کر رہی ہیں۔

شال بقیہ 34

اور دوشیزہ شہر بانو شیخ تحفظ کے لیے ڈیرہ اللہ یار پہنچ گئے، پسند کی شادی کرنے والے جوڑے دلاور بھنگی اور شہر بانو شیخ نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ دونوں جیکب آباد کے رہائشی ہیں 8 ماہ قبل دونوں کا رابطہ موبائل فون کے ذریعے ہوا اور دونوں نے ایک دوسرے کو پسند کر کے شادی کرنے کا فیصلہ کیا تاہم لڑکی کے والد جمال خان شیخ شہر بانو کی شادی اپنی پسند کے بغیر کسی اور جگہ کروانے چاہتے تھے جسکے باعث ہم گھر سے بھاگ کر کوئٹہ کی مقامی عدالت پہنچے اور کورٹ میرج کیا، تمام عدالتی دستاویزات موجود ہیں باوجود انکے لڑکی کے والدین جن میں برکت علی، خان محمد، نصیب اللہ اور بندے علی جعفری ہمارے پسند کی شادی سے ناخوش ہیں اور ہمیں قتل کی دھمکیاں دے رہے ہیں، نوجوان دلاور کا کہنا تھا کہ انکی جان کو شدید خطرات لاحق ہیں، وہ سیلز مین تھا اب دھمکیوں کے باعث کاروبار کرنے بھی نہیں جا رہا، انہوں نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ انکے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

شال بقیہ 35

سماعت ہوئی، چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ جماعت اسلامی کے وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ میں دھاندلی کا الزام نہیں لگاتا لیکن بڑے پیمانے پر بے ضابطگی ہوئی، یہ 6 یونین کونسل ایک مثال ہیں جن کو الیکشن کمیشن لایا ہوں، پریزائیڈنگ افسران کی جانب سے ایک کونسل میں ایک سے 2 ہزار ووٹوں کی گنتی میں ہی غلطی کر دی گئی۔ جماعت اسلامی کے وکیل نے کہا کہ مثال کے طور پر منگھوپیر یوسی 12 میں 4 ہزار 538 ووٹ ڈالے گئے جب کہ لکھا گیا کہ درست ووٹ 5 ہزار 110 ہیں، ایک یوسی میں فارم الیون کے مطابق جماعت اسلامی کے 2 ہزار 88 اور پیپلز پارٹی کے 546 ووٹ تھے، آر او رزلٹ میں پیپلز پارٹی کے ووٹ 1988 کر دیے گئے، ہر یوسی میں سیکڑوں ووٹوں کا فرق ہے۔ انہوں نے کہا کہ آر او تو غائب ہو گئے، وہ تو الیکشن کمیشن کے ملازم نہیں، آر اوز اور پولنگ عملے نے بہت زیادتی کی۔ پیپلز پارٹی کے وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ابھی تک حتمی نتائج مرتب نہیں ہوئے، الیکشن کمیشن فوری حتمی نتائج جاری کرے، سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے کہ رزلٹ کو جلد مرتب کیا جائے۔ اس دوران چیف الیکشن کمشنر نے ریمارکس دیے کہ نتیجہ جلدی مرتب کریں، چاہے وہ غلط ہی کیوں نہ ہو؟ حتمی نتائج الیکشن کمیشن کے حکم پر روکے گئے ہیں۔

شال بقیہ 36

متاثرین کی بحالی اور ہر ممکنہ مدد کا وعدہ کیا ہے اور ہم اپنا وعدہ وفا کریں گے اور متاثرین کی مکمل بحالی تک یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ دریں اثناء بلوچستان میں بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریوں اور امداد و بحالی کے لئے اٹھائے گئے اقدامات پر حب، لسبیلہ اور اوتھل کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں سیلاب زدگان کی امداد و بحالی پر ایک سروے رپورٹ میں بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امداد و بحالی اور حکومت اور دیگر اداروں کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ رپورٹ میں ڈسٹرکٹ لسبیلہ اور حب کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد و عوامی حلقوں نے سیلاب متاثرین کی بحالی اور امداد بارے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں اب بھی سیلاب سے متاثرہ افراد کو مدد کی ضرورت ہے اور سرد موسم کی سختیوں سے متاثرین کو بچانے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی اشد ضرورت ہے۔ صوبائی اور وفاقی حکومتوں کی جانب سے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں امداد پہنچانے اور بحالی کے کام جاری ہیں۔

شال بقیہ 37

، سلطان سلیمان خیل، مرزا خان، مشفا خان سلیمان خیل نے بھی اظہار خیال کیا اس موقع پر سلطان سلیمان خیل اور حاجی صاحب خان اپنے خاندان اور ساتھیوں سمیت اے این پی میں شامل ہوئے ملک نعیم خان بازئی اور دیگر مقررین نے کہا کہ اے این پی فخر افغان باچا خان کے عدم تشدد کے فلسفے پر کاربند ہو کر لوگوں کو تشدد سے دور کر کے جمہوری اور آئینی طریقے سے سیاست اور جمہوریت کی پاسداری اور عوام کی خدمت کے لئے اپنا کردار ادا کر رہی ہے اے این پی نے اپنے رہنماؤں اور ورکروں کی جانیں قربان کرنے کے باوجود عدم تشدد کے فلسفے پر عمل پیرا ہو کر ملک اور قوم کی بہتری اور جمہوریت کی مضبوطی اور عوام کی خدمت کو اپنی سیاست کا محور بنا کر سیاست کو عبادت سمجھ کر کیا ہے اور کرتے رہیں گے اور آج ملک کے عوام اسی لئے پارٹی کے پالیسیوں اور اقدامات سمیت کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے جوق در جوق اس میں شامل ہو رہے ہیں جو ہمارے لئے باعث فخر ہے اس موقع پر دیگر مقررین نے کہا کہ اے این پی نے ہمیشہ بلوچستان میں امن کے قیام اور عوام کے مسائل کے حل کے لئے اپنا کلیدی کردار ادا کیا یہی ہے وجہ ہے کہ بلوچستان بھر میں عوامی نیشنل پارٹی مضبوط اور فعال ہو رہی ہے۔

شال بقیہ 38

واسلام میں شامل ہوئی عمران خان نے ملکی معیشت کو تباہ کر دیا معیشت کو ٹھیک کرنے وقت کی ضرورت ہے عمران خان نے چار سالہ دور میں مہنگائی کو عروج پر لایا عالمی دنیا میں ملک کو تنہا کر دی اناڑی کپتان نے ملکی معیشت کو تباہ کر دی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ جماعتوں کا زوال شروع ہو چکا ہے جمعیت علماء اسلام روز بروز فعالیت کے جانب گامزن ہے عام انتخابات میں جمعیت علماء اسلام تاریخی کامیابی حاصل کریگی۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے مظلوم و محکوم عوام کی حقوق کی پاسبان ہے جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ بلوچستان کے ترقی انکے حقوق کی بات کی ہے انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کو بہتر گیس بجلی کی فراہمی کے لئے وفاق کردار ادا کریں یہاں کے معدنیات غریب عوام کا حق ہے۔

شال بقیہ 39

[illegible] نے بلوچستان میں بارڈر ٹریڈ اور درآمدی و برآمدی شعبے سے وابستہ افراد کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا اور انہیں بتایا کہ ایران صنعت و تجارت کو نیز بلوچستان کے تعاون سے تفتان بازار چہ بزنس ٹرمینل کا کام ریکارڈ مدت میں مکمل کرایا گیا ہے جو تمام تر سہولیات سے مزین ہے لیکن مذکورہ ٹرمینل کی عدم فعالی کی وجہ سے امپورٹ اور ایکسپورٹ کے شعبوں سے وابستہ افراد و ٹرانسپورٹرز مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے ایران کے ساتھ حال ہی میں طے پانے والے 39 نکاتی تجارتی یادداشت پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور سینیٹر پر زور دیا کہ وہ بلوچستان کی صنعت و تجارت اور دیگر پیداواری شعبوں سے وابستہ افراد کے لئے بھرپور انداز میں آواز بلند کریں۔

شال بقیہ 40

حکومت کی جانب سے عوام کو سستے داموں آٹے کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے یوٹیلٹی سٹورز کے ساتھ ساتھ مختلف جگہوں پر آٹے کے اسٹال قائم کر کے غریب عوام کو مستفید کروایا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ آج بھی حکومتی سبسڈی کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے 1510 روپے میں 20 کلو آٹے کا تھیلا فروخت کیا جارہا ہے ہماری بھرپور کوشش ہے کہ منصفانہ انداز سے لوگوں میں آٹا فروخت کیا جائے اس لئے ایک شخص کو 20 کلو آٹے کا تھیلا دیا جارہا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ حکومت کے اس اقدام سے فائدہ حاصل کر سکیں۔ ان شاء اللہ قوی امید ہے کہ مستقبل قریب میں دوبارہ اس طرح کے اسٹالز قائم کئے جائیں گے تاکہ لوگوں کو صاف ستھرا اور سستا آٹا فراہم کیا جاسکے۔

شال بقیہ 41

کے دوران اے ڈی سی نے ایل پی جی گیس فروخت کرنے والے دکانوں کا معائنہ کیا اور گیس سلنڈر بھرنے والے دکانداروں سے احتیاطی تدابیر سے متعلق دریافت کیا اے ڈی سی نے ایل پی جی گیس فروخت کرنے والے دکانداروں کو سختی سے تاکید کی کہ وہ تمام تر احتیاطی تدابیر اختیار کریں دکانوں اور سلنڈروں کے آس پاس سگریٹ نوشی اور دیگر برقی آلات کے استعمال سے گریز کریں تاکہ کوئی بھی ناخوشگوار واقع رونما نہ ہو۔

شال بقیہ 42

موجود تھے۔ اس موقع پر زیارت کے مختلف مقامات سے آئے ہوئے لوگوں نے سرکاری نرخوں پر آٹا خریدا اور عوام نے سرکاری نرخوں پر آٹے کی فراہمی کے صوبائی حکومت اور ڈسٹرکٹ انتظامیہ کے اس اقدام کو سراہا اور ایک اچھا اقدام قرار دیا سرکاری نرخوں پر آٹے کی تقسیم سے عوام کے چہرے کھل اٹھے۔ زیارت میں اس وقت آٹے کا بحران نہیں ڈسٹرکٹ انتظامیہ نے آٹا ڈیلرز کو سخت ہدایات جاری کی ہے کہ وہ سرکاری نرخوں پر آٹے کی فراہمی کو یقینی بنائیں اور ذخیرہ اندوزی سے پرہیز کریں اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ انتظامیہ فوری طرح متحرک ہے۔

شال بقیہ 43

ڈائریکٹر کالجز کو کالج حذا میں اپنے درپیش مسائل سے آگاہ کی جس پر انہوں نے مکمل طور یقین دہانی کی ہم تمام مسائل کو جلد حل کریگے انہوں نے کہا کہ طلباء ملک اور قوم کے معمار ہوتے ہیں میں امید رکھتا ہوں کہ انٹر کالج مسکان کالج کے طلباء محنت اور لگن سے پڑھ کر اپنے مستقبل کو روشن کرتے ہوئے ملک و قوم کی خدمت کریگے اس موقع پر ڈی ایم او رخشان ڈویژن پروفیسر نیک محمد بلوچ، پرنسپل ڈگری کالج خاران پروفیسر عبدالغفور گبراصرتی، پروفیسر حافظ منیر احمد نوشیروانی، پروفیسر خالد محمود محمد حسنی، پروفیسر محمد مراد۔ پروفیسر محبوب شاہ، پروفیسر حبیب شاہ، مفتی حسرت، محمد گل اور نجم الدین بھی انکے ہمراہ تھے۔

شال بقیہ 44

لوگ اپنے لوگوں پر بغاوت کے مقدمات بنانے میں مصروف ہیں محب وطن شہریوں کو بغاوت پر اکسایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران ملک کا دیوالیہ نکالنے کے بعد اب ملک میں خانہ جنگی کرانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف عمران ٹائیگرز فواد چوہدری کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ فواد چوہدری کو فوری طور پر رہا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ غیروں کی غلامی میں امپورٹڈ حکومت نے ملک کو داؤ پر لگا دیا ہے ملک میں جنگل کا قانون نافذ کیا جاچکا ہے عوامی رائے کو کوئی اہمیت نہیں دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فواد چوہدری کے خلاف ایف آئی آر کے بعد الیکشن کمیشن سیاسی فریق بن چکا ہے متنازعہ چیف الیکشن کمشنر کو استعفیٰ دینا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کا واحد حل ملک میں فوری طور پر عام انتخابات کے انعقاد کا اعلان ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان ہماری ریڈ لائن ہیں اگر امپورٹڈ حکمرانوں نے عمران خان کو گرفتار کرنے کی کوشش کی تو حکمرانوں کی اینٹ سے اینٹ بجا دیں گے۔

شال بقیہ 45

1980 سے دینی علوم کے فروغ میں سرگرداں اور کوشاں رہا ہے۔ اور مدرسہ میں دینی علوم کیساتھ عصری علوم سے بھی اپنے طلبہ کو منور کرتے ہیں۔ دینی مدارس اسلام کے اہم قلعے ہیں جو دین اسلام کے تحفظ کیلئے اہم کردار رکھتے ہیں۔ مقررین نے مدرسہ عربیہ بحر العلوم چمن کے درپیش مختلف مسائل پر مکمل مشاورت کی۔ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ مدرسہ عربیہ بحر العلوم چمن کے بینکنگ مسائل حل کرنے کیلئے مسلم کمرشل بینک اسلامک لمیٹڈ چمن سے رابطہ کر کے حل کرنے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ چمن میں صرف ایک ہی بینک ہے جو دینی مدارس کے مسائل حل کرنے میں معاون بینکنگ ادارہ ہے۔ جس کے منیجر اور دیگر اسٹاف کی کارکردگی قابل ستائش ہیں۔ اجلاس میں مدرسہ عربیہ بحر العلوم چمن کے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے تمام عہدیداروں نے شرکت کی۔

شال بقیہ 46

سازش کو ناکام بنا دیں گے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو اپنی رہائش گاہ پر ملاقات کرنے والی پاکستان پیپلز پارٹی کی خواتین کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ماہ جبین خالد جمالی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے پیپلز پارٹی کے قائدین اور جیالوں نے اپنی جانوں کے نذرانے دیئے لیکن کبھی بھی اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا یہی وجہ ہے کہ آج پیپلز پارٹی ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت بن چکی ہے جس کا واضح ثبوت سندھ اور بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کے امیدواروں کی بھاری اکثریت سے کامیابی ہے۔

شال بقیہ 47

آڈیو کے بعد مونس الٰہی کا ٹولہ ارب علی خان میں جمع ہو کر لوگوں کو ڈراتا رہا۔ ایف آئی آر میں کہا گیا کہ دونوں ملزمان نے سوچی سمجھی سازش کے تحت اراکین اسمبلی کو غائب کرنے کا منصوبہ بنایا۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے بھائی چوہدری وجاہت حسین کی اپنے بیٹے سے بات چیت کی مبینہ آڈیو لیک ہوئی تھی جس میں وزیر اعظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد کی صورت میں ایک خاتون رکن اسمبلی کو لاپتہ کرنے کی بات کی جارہی ہے۔

شال بقیہ 48

عبدالغفور شاہوانی عبدالرزاق عمرانی نائب عبدالواحد مینگل سینئر رہنما نومنتخب کونسلر احمد نواز بلوچ وڈیرہ عبدالرحیم مینگل نواز شاہوزئی نے شرکت کی۔ اجلاس میونسپل کمیٹی کے بلدیاتی انتخابات کے دوسرے مرحلے خواتین کے مخصوص نشستوں کے حوالے سے منعقد ہوا۔ پارٹی فورم نے فیصلہ کیا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی پختہ عزم کے ساتھ کا میونسپل کمیٹی کے مخصوص نشست برائے خواتین کے انتخابات میں حصہ لے گی۔

شال بقیہ 49

کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے صبح آٹھ بجے سے بغیر وقفہ کے عوام کے شناختی کارڈ، ب فارم، اور فنگر پرنٹ و دیگر مسائل کو حل کرنے میں مصروف عمل ہے ان سب کارکردگی کے پیچھے انچارج نادرا صحبت پور نبی بخش کھوسہ اور عملہ کو جاتا ہے صبح کے اوقات ضلع کی تمام تحصیلوں سے عوام کا رش ہو جاتا ہے لیکن ان تمام عوام کو سہولیات فراہم کرنے میں نادرا صحبت پور کا اہم کردار ہے عوامی سماجی حلقوں نے نادرا صحبت پور کے عملہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام صبر و تحمل کا کردار ادا کریں اور بروقت ٹوکن کے حصول کے لئے کردار ادا کریں انشاء اللہ نادرا آفس صحبت پور ہر عام آدمی کو بروقت سہولیات فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔

شال بقیہ 50

اقدام ہے مگر یہ کام محکمہ ماحولیات ضلع حب اور ضلع لسبیلہ کا جس کی ذمہ داری بنتی ہے کہ ایسے ماحول کش مضر صحت اور انسانی جانوں سے کھیلنے والوں کے خلاف کارروائی کرے شہر کے مختلف روپوش علاقوں میں کوئلہ ڈپو کی بھرمار ہے اور انہوں نے قریبی آبادی کے لوگوں کی زندگیاں اجیرن کر دی ہے۔ ہوا چلنے سے یہ مضر صحت کالا کوئلہ لوگوں کے گھروں کے اندر اور کھانے پینے کی اشیاء کو بری طرح متاثر کرتا ہے جسکی وجہ سے موذی بیماریاں جنم لیتی ہیں مگر محکمہ ماحولیات کی چشم پوشی سمجھ سے بالاتر ہے اس طرح کے حب، گڈانی، کنڈ اور حبکو کمپنی کے آس پاس میں کئی مقامات پر یہ مضر صحت کوئلہ لا کر ڈمپ کرتے ہیں جس پر ممبر قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی نے بھی مختلف چینلز میڈیا اور قومی اسمبلی کی فلور پر کئی مرتبہ آواز اٹھایا ہے جس پر آج تک محکمہ ماحولیات نے ہمیشہ چپ سادہ رو کر کارروائی کرنے سے گریزاں رہا جو کہ آج تک کسی نے کوئی کارروائی نہ وہاں کے لوگ روز چیخ چیخ کر میڈیا اور سوشل میڈیا پر آواز اٹھاتے ہیں کہ مضر صحت کوئلہ کے ڈپو کو یہاں کے آبادیوں سے دور کہیں محفوظ جگہ پر شفٹ کیا جائے مگر معاملہ اس کے برعکس ہوا ہے۔

شال بقیہ 51

پوٹاشیم کی مقررہ حد سے زائد مقدار پائی گئی ہے جبکہ کچھ نمونوں میں حیاتیاتی جراثیم کی موجودگی کا بھی انکشاف ہوا ہے۔ غیر محفوظ قرار دیئے گئے برانڈز میں اعوانی پریمیم ڈرنکنگ واٹر، انڈس، بارسے، بیسٹ نیچرل، فارس، بیسٹ پیور لائیو، داؤوی، ہیلتھین، دوھوم، پیور ہینڈ سم واٹر، ایکوا ون، تایاب پیور لائف، ایکو، نیو، بلیو پلس، ایکوا ہیلو اور فریشتو نامی برانڈز شامل ہیں۔ ٹیسٹ کردہ پانی کے نمونوں میں موجود سوڈیم کی زائد مقدار بلند فشار خون کا سبب بنتی ہے جبکہ پوٹاشیم کی زیادتی گردوں کے افعال کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ مضر صحت اور جراثیم زدہ آلودہ پانی کی اسپتالوں کے اطراف میں فروخت مریضوں کی جان کے لیے خطرہ ہے۔

شال بقیہ 52

اداروں کو پابند کیا جائے کہ وہ بجٹ سازی کے مختلف مراحل کے دوران شہریوں سے مشاورت کریں خصوصاً بجٹ سازی اور اس پر عمل درآمد کے دوران ممبران اسمبلی کے کردار کو بڑھایا جائے۔ اس سلسلہ میں سٹیزن نیٹ ورک فار بجٹ اکاؤنٹیبلٹی (سی این بی اے) کی ممبر تنظیم ہیومن پراسپیرٹی آرگنائزیشن قلات کے زیر اہتمام منعقدہ شراکت داروں کے ساتھ بجٹ شفافیت پر ایک مذاکرہ کے دوران شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے محمد یوسف کیا۔

شال بقیہ 53

جسکا تعلق کوئٹہ سے ہے، دوسری کارروائی میں کچلاک کے قریب برساتی نالے میں چھپائی گئی 85 کلو چرس برآمد ہوئی جسے قبضہ میں لے لیا گیا۔ حکام کے مطابق تھلیاں انٹرچینج راولپنڈی کے قریب کار سے 6 کلو چرس، 4 کلو 800 گرام افیون برآمد ہوئی، تیسری کارروائی فیصل آباد میں خفیہ اطلاع پر کی گئی جس میں ننکانہ صاحب کا رہائشی ملزم کو گرفتار کر کے ساڑھے 3 کلو چرس برآمد کر لی گئی، فیصل آباد ایئرپورٹ پر کارروائی کے دوران بحرین جانے والے مسافر کے پیٹ سے 80 ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد کر کے اٹک کے رہائشی ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ اے این ایف حکام کے مطابق گرفتار ملزمان کیخلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

شال بقیہ 54

سیکرٹری ملک حمید کاکڑ، رابطہ سیکرٹری حاجی رہالی خلیفہ، ریکارڈ اینڈ ایونٹ سیکرٹری درمحمد ہزارہ، آفس سیکرٹری اختر بلوچ، میڈیا کوآرڈینیٹر حیات خان اچکزئی، ڈپٹی میڈیا کوآرڈینیٹر اختر شاہ مندوخیل، صوبائی کونسل کے ممبران ارباب اسعد، انجینئر ہادی عسکری، صوبائی ایگزیکٹو کونسل کے ممبر کامران خلجی، کوئٹہ ڈویژن کے صدر خیر محمد ترین، پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی صدر غزالہ گولہ، جنرل سیکرٹری زرینہ زہری، نائب صدر و فوکل پرسن ورکرز ویلفیئر بورڈ اسکول ماہ جبین خالد جمالی، کوئٹہ سٹی کے صدر نور الدین کاکڑ، ڈویژنل صدور، صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین نے مشترکہ تعزیتی بیان میں ایم این اے و چیئرمین متاثرہ ملازمین پروفیسر قادر خان مندوخیل سے ان کے والد کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت اور کارکنان غمزدہ خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

شال بقیہ 55

پنجاب کی جانب سے جاری کئے گئے ترقیاتی فنڈز روکے گئے ہیں جبکہ سابق وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری محمد خان بھٹی کے اضلاع کا بجٹ بھی روک لیا گیا ہے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کی جانب سے گجرات، منڈی بہاؤالدین سمیت اپنے من پسند علاقوں کیلئے فنڈز جاری کرنے کا حکم دیا گیا تھا تاہم اب تمام ترقیاتی سکیموں کو روک دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 56

مچھلی کے نوجوان سیاسی و سماجی شخصیت کامران موندرہ کے ساتھ گڈانی میں پیش آنے والے واقع انتہائی افسوسناک ہے، مقامی ایس ایچ او شیراز بھوتو مقامی لوگوں کو ڈرانے دھمکانے کے بجائے ان کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ موندرہ نوجوان تنظیم کے جاری کردہ بیان میں ڈی پی او حب سے اس واقعے پر فوری ایکشن لینے کا مطالبہ کر دیا ہے۔

تلاش گمشدگی

میرے موٹرسائیکل کے کاغذات نمبر HKFOKE8637 انجن نمبر MB4420 چیسس نمبر HKFOEF5221 بنام نذیر احمد ولد گل محمد کہیں گم ہو گئیں ہیں جس کسی کو ملے برائے مہربانی اس نمبر پر رابطہ کریں۔ 03058117885

المشتہر۔
نذیر احمد ولد گل محمد

NOTICE INVITING TENDER

The **Deputy Director, Agriculture (On Farm Water Management) Kachhi**, invites sealed Tender/Bid for execution of various development schemes under the under the project **PSDP 2022-23 SNo. 29 [Z2019.1958]** on cost sharing basis i.e. **Government Share 75% & Farmer/Beneficiary Share 25%** as per policy, from interested contractors/firm with the Bid Security **@ 2%** of estimated cost/offered rate in shape of Call Deposit (Refundable). The non-refundable Tender Form Fee for each tender to be deposited in any **National Bank of Pakistan Branch** situated in Balochistan Province through Green Bank Challan in a head of account (**C03136**) **(verified by the District Accounts Officer). Tender Fee Rs.5000/- Bid Security 2% of Estimated Cost for each work.**

S#	Name of Work/s	Total Estimated Cost	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening Time
1	CONSTRUCTION OF FARM PONDS, DEVELOPMENT OF DUG WELLS, INSTALLATION OF SOLAR PUMPING SYSTEM ON FARM PONDS & DUG WELLS IN DISTRICT Kachhi TSE- 222301231673	42,646,239	10 February, 2023 10:00 AM	11:00 AM
2	PROVISION OF OILSEEDS / PULSES SEEDS, FODDER / FORAGE SEED ALONG WITH LAND PREPARATION AND PROVISION OF FRUIT PLANTS IN DISTRICT Kachhi TSE- 222301231683	16,926,600	10 February, 2023 09:30 AM	10:30 AM

Procurements shall be made under BPP Rules 2014. Eligibility of Bidders: Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents of each tender. The bidding firm must submit the Tender Fee in the Head of Account C03136 on Green Challan duly verified by District Treasury **Method of Procurement:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security (2%) in the form of **Call Deposit** or **Bank Guarantee (Bank's certificate is mandatory)** in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 5000 PKR for each tender. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned. **Address:** Office the Deputy Director Agriculture On Farm Water Management, Kachhi **Note**:- The Tender Opening Committee/Bid Evaluation Committee reserves the right (Delegated by the BPPRA Rules 2014) that either accept or reject any or all the offers/quotations prior to the acceptance of a bid. a) The Contractor/Firm not qualifying the basic eligibility criteria will not be entertained in the bidding process. b) The bidder / firm should quote all the rates in BOQ's otherwise the bidding would be considered non-responsive. c) As per policy, the Procuring Agency reserves the right to increase or decrease quantum of work. Contact No 0832415435

DEPUTY DIRECTOR AGRICULTURE
ON FARM WATER MANAGEMENT
KACHHI

PRQ No.2093/25-01-2023

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

26 جنوری 2023ء

گیس فراہمی، بلوچستان کیساتھ امتیازی رویہ ناقابل برداشت ہے

گیس فراہمی کے حوالے سے بلوچستان کے ساتھ امتیازی رویہ ناقابل برداشت ہے۔ گیس کمپنیوں کے رویے پر شہریوں میں اشتعال پایا جاتا ہے، بلوچستان طویل عرصے تک ملک کی گیس کی ضروریات پوری کرتا رہا ہے، شدید سرد موسم میں شہریوں کو گیس میسر نہیں، گیس کی فراہمی کے حوالے سے بلوچستان کے ساتھ امتیازی رویہ ناقابل برداشت ہے۔ گیس پریشر میں کمی کی وجہ سے شہریوں کی زندگیوں کو خطرات لاحق ہیں، گزشتہ چند روز میں گیس حادثات کے باعث دس سے زائد افراد زندگی گنوا چکے ہیں، وزیراعظم اور وفاقی وزیر توانائی گیس کمپنی کے غیر ذمہ دارانہ رویے کا فوری نوٹس لیں۔ کوئٹہ شہر میں بڑھتے ہوئے گیس حادثات کے باعث اموات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے گیس کمپنی کے غیر ذمہ دارانہ رویہ کا نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا ہے' گیس پریشر میں کمی کی وجہ سے شہریوں کی زندگیوں کو شدید خطرات لاحق ہیں اور گزشتہ چند دنوں میں گیس حادثات میں دس سے زائد افراد زندگی گنوا چکے ہیں' شدید سرد موسم میں شہریوں کو گیس میسر نہیں بلوچستان طویل عرصہ تک ملک کی گیس کی ضروریات پوری کرتا رہا ہے لیکن آج جب ہمیں گیس کی ضرورت ہے تو گیس دستیاب نہیں گیس کی فراہمی کے حوالے سے بلوچستان کے ساتھ امتیازی رویہ ناقابل برداشت ہے' آج جب صوبائی حکومت نے ایس ایس جی سی کے دفتر سے رابطہ کیا تو کوئی بھی ذمہ دار فرد موجود نہیں تھا وزیراعلیٰ نے وزیراعظم اور وفاقی وزیر توانائی سے فوری مداخلت کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس کمپنی کے رویہ کے باعث شہریوں میں اشتعال پایا جاتا ہے گیس کی عدم دستیابی کے باعث امن امان کی صورتحال خراب ہونے کا احتمال ہے جس کی ذمہ دار گیس کمپنی ہوگی۔

مشکے ڈرائیور کی حیران کرنے والی باتیں،

عنایت اللہ گام

مشکے میں ہمیشہ لوکل گاڑیاں صبح کے وقت نہیں سیکنڈ ٹائم چلتے ہیں، یہ کبھی رات نو بجے، کبھی دس بجے پہنچ جاتے ہیں، کراچی، مشکے چلنے والی بسیں رات گیارہ، بارہ بجے پہنچ جاتے ہیں، اللہ تعالیٰ کا شکر ہے، علاقے میں امن ہے، وگرنہ روز لوکل گاڑیاں، ان کے سواریاں لٹ جاتے تھے، جب ہم مشکے جا رہے تھے، راستے میں ڈرائیور نے اپنے پہلو میں بیٹھے ہوئے جوان کے اپنے گاؤں کا تھا، کہا میرے تنخواہ کی میسج آ گئی، 9 تاریخ تھا، میں نے پوچھا بھائی صاحب آپ سرکاری ملازم ہو، کہا ہاں صاحب میں فلاں صاحب کا ڈرائیور ہوں، اچھا فلاں صاحب کے ڈرائیور ہو، اپنی لوکل گاڑی چلا رہے ہو، ہاں صاحب، صاحب کی گاڑیاں خراب ہیں، فارغ ہوں، صاحب کو کوئی کام ہو، اپنے گاڑی پے لیجاتا ہوں، تنخواہ اتنی لیٹ کیوں؟ صاحب آج تک مشکے کے ملازمین کو پہلی، دوسری، تیسری تاریخ کو تنخواہ نہیں ملی ہے، پانچ، چھ، سات تاریخ کو تنخواہیں ہوتی ہے، وہ کیسے تنخواہیں اتنی لیٹ ہوتے ہیں، مثلاً جمعرات کو تنخواہ کی میسج آ جائے، دوسری دن جمعہ ہوگا، مشکے آواران نزدیک نہیں دور بھی، 70 کلومیٹر، راستہ نہ ہونے سے 5 گھنٹے کا سفر ہے، جمعہ کے دن آواران پہنچتے ہی بینک بند ہو جاتے ہیں، ہفتہ، اتوار کو بینک بند ہوتے ہیں، بشرطیکہ موسم صاف ہو، ابر آلود نہ ہو، ابر آلود ہوا، ملازم بارش ہونے کے ڈر سے جانے سے گریز کرتے ہیں، بارش ہوئی، راستے والے راستے میں پھنس جاتے ہیں، آواران پہنچنے والے آواران میں پھنس جاتے ہیں، کبھی کبھار بینکوں کے آن لائن سسٹم کی خرابی، پیسہ نہ ہونے سے ہمارا آنا جانا مفت، آنے جانے کے جو تین ہزار روپے کرایہ ضائع، پھر ہمیں واپس آنا، دوسرے یا تیسرے دن پھر واپس جانا پڑتا ہے، واپس کیوں آتے ہو، ایک دن وہاں قیام کرو، صاحب جس کے رشتہ دار ہے، وہ قیام کرتے ہیں، رشتہ دار نہیں، ان کو واپس آنا پڑتا ہے، اس لئے وہاں مسافر خانہ نہیں، ایک ضلع وہاں نہیں، ہاں صاحب وہاں مسافر خانہ نہیں، گزشتہ سال مون سون کے بارشوں کے موسم میں بہت سے ملازم تنخواہ کرنے گئے، بارشوں کی وجہ راستہ بند ہونے سے، وہاں بہت ذلیل وخوار ہوئے، پھر براستہ آواران سے جاہو، بیلہ، خضدار کے راستے آنا پڑا ہے، جو اس راستے سے آتے ہیں، ان کو ایک دن خضدار میں مسافر خانوں میں ٹھہرنا پڑا ہے، کم از کم آٹھ سے دس ہزار کرایہ، مسافر خانے میں قیام، چائے روٹی میں جاتا ہے، وہ کیسے؟ آواران تا بیلہ کرایہ 1000 روپے، دوپہر کا کھانہ، چائے والی روٹی 500 روپے، رات میں مسافر خانہ کا کرایہ 700 روپے، پھر رات کا کھانے سبزی چائے 500 روپے، صبح ناشتے سوکھی روٹی، چائے 200 روپے، پھر دوپہر کھانہ 500 روپے، مشکے کرایہ 1500 روپے، مشکے آواران کا کرایہ تھا 1500 روپے، گزشتہ سال بہت سے سرکاری ملازم عیدالاضحیٰ میں عید قربانی سے ان کے بچے نئے کپڑے سے رہ گئے تھے، مشکے میں سب سے زیادہ پریشان ہونے والے خواتین ملازم ضعیف العمر پنشنرز، ان بیواہ ہوتے ہیں، تحصیل میں مختلف محکموں میں ایک ہزار سے زائد سرکاری ملازم ہیں، سینکڑوں پنشنرز ہیں، کتنے خواتین ملازم ہیں، 120 اسکول ٹیچر، 53 لیڈیز ہیلتھ ورکر، 5 لیڈیز پولیس ہیں، یہ سب بینک نہ ہونے سے کتنے پریشان ہوتے ہیں، ان ملازمین کی تکلیف کا احساس حکمرانوں کو نہیں، کیا وزیراعلیٰ اتنا بے اختیار ہے، یا ان کی بات نہیں چلتی ہے، اپنے حلقے کے ایک تحصیل میں بینک کی منظوری دے، یا جناب نہیں چاہتا ہے، تحصیل مشکے میں بینک ہو۔ (جاری)

بلوچستان یا وسکی ترقی کو دیکھ کر خوشی سے جھومے لیکن حال رہا ہوں حیران اور پریشان ہوں ان کی کارکردگی کے بارے میں کون سے کلمات استعمال کروں کوشش کر رہا ہوں اگر آپ قارئین کو مطمئن کرسکوں،

میر اسلم رند

کوئٹہ شہر میں سینکڑوں کی تعداد میں موٹرسائیکلیں چوری ہوتی جا رہی ہے لیکن ان کی ایف آئی آر درج نہیں کی جاتی صرف روزنامچہ میں شکایت درج کی جاتی ہے تاکہ بلوچستان پولیس کا امیج خراب نہ ہو، گزشتہ کئی ماہ سے اس میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے یہ پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے یا بہترین کارکردگی کا نمونہ؟

جب سے موجودہ آئی جی صاحب نے چارج سنبھالا ہے پولیس کا گراف گرتا جا رہا ہے سابقہ آئی جی پولیس کے دور میں بلوچستان پولیس کی کارکردگی پہلے نمبر پر تھی اس کا مطلب ہے سربراہ ہی ماتحت اسٹاف کا مورال بلند رکھتا ہے سننے میں آیا ہے سابق صدر زرداری صاحب نے اپنے سب اچھی کارکردگی دکھانے والے لاڈلے آفیسروں کو بلوچستان میں تعینات کروایا ہے۔ چیف سیکرٹری صاحب، آئی جی پولیس، ڈی آئی جی پولیس، ڈی جی کیو ڈی اے، ایس ایس پی کوئٹہ اور بہت سارے آفیسرز بلوچستان میں تعینات کروائیں گئے ہیں فی حال بلوچستان کے آفیسران کو کھڈے لائن لگایا گیا ہے یا کئی آفیسر اس دیمک زدہ حکومت کے ساتھ کام نہیں کرنا چاہتے اب آتے ہیں اپنے صوبے کے آفیسروں کی کارکردگی پر جن کے دنیا میں پہلے نمبر پر آنے کے امکانات پیدا ہو گئے ہیں،، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے پروفائل کو چیک کیا جائے تو ایسا لگتا ہے تمام شہر میں تجاوزات کا خاتمہ ہو چکا ہے سارے خورد نوش کے اشیاء سرکاری ریٹ پر فروخت ہو رہے ہیں آٹے کا بحران ختم ہو چکا ہے کوئٹہ رجسٹرار آفس میں بنا پیسے لوگوں کے زمینوں کا ٹرانسفر کیا جا رہا ہے یہ بھی سنا ہے آفیسر صاحبان اپنی جیب سے لوگوں کو کافی بھی پلا رہے ہیں پہلے تحصیل آفس میں فرد 10 ہزار روپے کا بنتا تھا اب مفت بنایا جا رہا ہے کوئٹہ میں رات کے وقت تمام سڑکوں کو پانی سے دھویا جاتا ہے۔

روڈوں پر اسٹریٹ لائٹ کی روشنی سے عوام کی نیند متاثر ہو رہی ہے کچھ عرصہ پہلے کوئٹہ شہر میں ہر شاہراہ پر 20 جگہ پر ایرانی پیٹرول فروخت ہوتا تھا اب کسی شارع پر ایرانی پیٹرول فروخت نہیں ہو رہا ہے شوشل ویلفیئر کی محکمے کی کارکردگی اتنی شاندار ہے کہ شہر کے تمام ہیروئین پینے والوں کو شیلٹر ہوم میں بھرتی کیا گیا ہے ان کا بہترین علاج کیا جا رہا ہے بھیک مانگنے والے فقیر کوئٹہ میں ختم ہو چکے ہیں، ایرانی اور افغانستان کے سفیروں نے گورنمنٹ آف بلوچستان سے اپیل کی ہے ان سوشل ویلفیئر آفیسروں کو ہمارے ملک بھیجا جائے تاکہ ہمارے ملک کے آفیسروں کو ٹریننگ دے سکے یہ ہمارے بلوچستان کے آفیسروں کے لئے فخر کی بات ہے میں اپنے عوام کی تبدیلی کے بارے عرض کرتا چلوں ان میں اتنی تبدیلی آگئی ہے کہ ساری دنیا کے لوگ حیران و پریشان ہیں انہوں نے ڈبل پارکنگ پر گاڑی کھڑا کرنا چھوڑ دیا ہے اب ہر گاڑی اور موٹر سائیکل چلانے والا سیدھا اپنے سائیڈ پر رواں دواں رہتے ہیں اب کوئٹہ میں ٹریفک جام نہیں ہوتا تو جوان لڑکے پہلے بزرگوں کو راستہ دیتے ہیں تاکہ ان کو کوئی تکلیف نہ ہو اب ٹریفک پولیس کی کارکردگی کی وجہ سے کوئی رہزنی بان شہر کے مین شاہراہوں پر کھڑا نہیں ہوتے تاکہ عوام کو تکلیف نہ ہو ان سب کی بنیادی وجہ یہ ہے اللہ نے ہمارے صوبے کو ایک نیک صفت انسان کے طور پر نوازہ ہے یعنی وزیراعلیٰ بلوچستان موصوف نے اپنے راتوں کے تمام پروگرام کینسل کر دیئے ہیں۔ آدھی رات کو مختلف شہر کے شاہراہوں کا دورہ کرتے ہیں اسپتالوں میں جا کر مریضوں کی مزاج پرسی کرتے ہے ان کی اس کارکردگی کی وجہ سے تمام سینئر ڈاکٹر صاحبان ایمانداری سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں ایمپلسی انٹرنیشنل تنظیم نے بلوچستان کے وزیراعلیٰ کو پہلا درجہ دینا کا اعلان کیا ہے بلوچستان کے تمام دفاتر میں قندھاری کی چھٹیوں کا خاتمہ ہو گیا ہے صوبے کے زیادہ تر آفیسرز 40 دن کے تبلیغ پر مختلف شہروں میں گشت پر چلے گئے ہیں، بلوچستان کے جج صاحبان کے اچھے فیصلوں کی وجہ سے بلوچستان کی عدالتیں دنیا میں پہلے نمبر پر آ چکی ہے،، اے جی آفس بلوچستان والوں نے اعلان کیا ہے آئندہ کسی بیوہ، یتیم اور غریب اساتذہ سے جی پی فنڈ کے مد میں کوئی پیسہ نہیں لیا جائیگا ہاں البتہ ترقیاتی چیک پر 3 فیصد کمیشن ہمارا حق ہے ایسے خوبصورت بلوچستان کی ترقی صرف ہمارے جنریشن کو نصیب ہوا ہے میں ہمیشہ پریشان رہتا تھا ہمارے آنے والے نسلوں کا کیا ہوگا لیکن موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے فخر ہوتا ہے کاش یہ وزیراعلیٰ اور ایسے آچھے آفیسرز بلوچستان کو کچھ سال پہلے ملتے ؟ تو آج ہم جرمنی، فرانس، یا انگلینڈ سے زیادہ ترقی کرتے۔

جس طرف آنکھ اٹھاؤں تیری تصویراں ہے (آخری قسط)

وارث دیناری

مکانات بنواتے وقت سیلاب کو مدنظر رکھ کر مکانات اونچی جگہوں پر بنائیں ساتھ میں حکومت اس بات کو ہر جگہ اور ہر حال میں یقینی بنائے کہ تعمیر ہونے والے مکانوں اور دوکانوں کی بنیاد مضبوط بنانے کے ساتھ تمام تعمیرات کی اونچائی ایک جیسی ہونی چاہئے تاکہ بارش کے دنوں میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے کو اپنی کارکردگی بہتر سے بہتر کرنی ہوگی اس وقت تو دیکھا گیا یہ ادارے ہنگامی صورت حال میں چاول کی چند دیگیں تیار کر کے متاثرین تک پہنچانے یا چند سونٹیت ای حساب سے راشن کی پیکٹیں ایمرجنسی کے نام پر تقسیم کرنے کیلئے ان کی کوئی کارکردگی نظر نہیں آئی ہے ضرورت اس امر کی ہے سب سے پہلے تو مکمل غیر جانبدار تحقیقات کر کے ثابت کیا جائے کہ جو سیلابوں سے جو نقصانات ہوئے اس میں کون کونسے اداروں کی غفلت ہے پھر اداروں کے اہلکاروں کو کڑی سزا دے کر آئندہ کیلئے بہتر منصوبہ بندی کر کے اس طرح کے تباہی سے بچا جا سکے نیز لوگوں میں بھی یہ شعور بیدار کیا جائے کہ اونچی جگہوں پر تعمیرات کئے جائیں پانی کی نکاسی کا خاص انتظام کیا جائے تمام تعمیرات بلڈنگ کوڈ کے تحت کئے جائیں خلاف ورزی کی صورت میں ان کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے تب جا کر ہماری جان اور مال محفوظ ہو سکتی ہے۔ یہ دیوانے کا خواب ہے نہ جانے کب پوری ہوتی ہے۔

ماننا تو پڑے گا

عبداللہ طارق سہیل

تازہ رپورٹوں کے مطابق بھارت ایک ارب 42 کروڑ آبادی کے ساتھ دنیا کا سب سے بڑا ملک بن گیا ہے۔ چین جو پہلے نمبر پر تھا، اب ایک ارب 41 کروڑ کے ساتھ دوسرے نمبر پر آ گیا یعنی دونوں ملکوں نے اپنی پوزیشن ادلی بدلی کر لی۔ دو تین عشرے پہلے چین میں ایک جوڑا ایک بچہ کی پالیسی نافذ کی گئی تھی۔ جس سے آبادی بڑھنے کی رفتار کم ہوئی اگرچہ بہت سے ایسے بھی ہوئے، ہزاروں کیس ایسے رپورٹ ہوئے کہ جن کے گھر بچی ہوئی، انہوں نے اسے فوراً یا کچھ بڑی ہونے پر مار ڈالا تاکہ لڑکا ہونے کی امید پوری کی جا سکے۔ ظاہر ہے، دو بچے تو روکا نہیں سکتے۔ بہت قتل ہوئے، پھر پالیسی ختم کر دی گئی۔ اگر وہ پالیسی نہ ہوتی تو چین کی آبادی شاید دو ارب کو چھو رہی ہوتی۔ چین کا رقبہ بھارت سے تین گنا ہے یعنی وہاں بھارت کے حساب سے مزید دو کروڑ 80 لاکھ افراد آباد ہو سکتے ہیں لیکن دراصل ایسا ممکن نہیں۔ آدھے سے زیادہ چین بنجر، برفانی یا صحرائی ہے، زیادہ لوگ رہ ہی نہیں سکتے۔ چین کے زیر قبضہ تبت کی مثال دیکھ لیں۔ رقبے میں وہ پاکستان سے دگنا ہے، (جاری ہے)



تلخ حقیقت
Ranzooryar18@gmail.com
محمد نسیم رنزوریار

شہید علامہ عبدالغنیؒ اسلامی تاریخ کے آئینے میں

جامعہ اسلامیہ علامہ ٹاؤن چمن دینی علوم کا سرچشمہ وہ کیسے؟

فرزند وجانشین علامہ مدرحؒ اور جمعیت علماء اسلام پاکستان کی مرکزی شوریٰ کے رکن حضرت مولانا حافظ محمد یوسف کی علمی مذہبی سیاسی اور علاقائی خدمات کا جائزہ۔

قارئین کرام!!! ثانی امام ابوحنیفہ شہید علامہ عبدالغنیؒ کی علمی سیاسی جہادی قبائلی اور بین الاقوامی سطح پر دینی خدمات اسلامی تاریخ کے آئینے میں روز روشن کی طرح عیاں ہیں۔ شہید علامہ عبدالغنیؒ 1940 کو مرحوم ملا میر عالمؒ کے ہاں پیدا ہوئے۔ آپؒ نے ابتدائی تعلیم کا آغاز دس برس کی عمر میں اپنے پہلے استاد ملا محمد حنفیہ سے شروع کیا کہ دو برس کی عمر میں قاعدہ۔ ناظرہ قرآن مجید اور شروط الصلوۃ سے فراغت حاصل کی تیرویں برس کی عمر میں چمن کے مشہور عالم دین حضرت مولانا محمد نور سے مزید علم حاصل کرنے کا آغاز کیا ایک سال میں آپؒ نے علم الصرف۔ علم النحوہ کافیہ تک علم الفقہ شرح وقایہ تک فارسیات گلستان و بوستان تک حاصل کر لیا۔

اسکے بعد 18 برس کی عمر میں آپؒ کو حج کی سعادت نصیب ہوئی اس کم عمری میں حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد شہید علامہ عبدالغنیؒ علماء کرام اور عوام الناس میں حاجی صاحب کے نام سے پکارے جانے لگے سفر حج کے بعد درس نظامی کیلئے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نوشہرہ پشاور میں داخلہ لیا جو تقسیم ہند کے بعد اس علاقے میں علوم وفنون کا پہلا عظیم منبع تھا۔

چار سال تک پورے انہماک اور شوق و ذوق سے حصول علم میں مشغول رہے۔ علمی ذوق اور جذبہ اس قدر غالب تھا کہ حصول علوم کے دوران گھر والوں سے رابطہ منقطع تھا ہر طرح کے تعلقات اور عوامل سے خلوت نشین رہے۔ اپنے اساتذہ اور مشائخ سے کامل استفادہ میں کوئی خلل آنے نہیں دیا۔ شہید علامہ عبدالغنیؒ طالب علمی کے زمانے ہی سے کامیاب مدرس کی طرح شہرت رکھتے تھے جامعہ حقانیہ میں دستار فضیلت کی سعادت کے حصول کے بعد درس کا آغاز جامعہ مظہر العلوم شالدرہ سے کیا اسکے بعد کلی پیر علی زئی میں دورہ حدیث کا آغاز کیا مولانا خیر محمد اور مولانا محمد معصوم پہلے سال کے فضلاء کرام تھے۔ آخر کار اپنے آبائی علاقے چمن ہی کو علوم نبوت کی خدمت کیلئے منتخب کیا پچیس سالوں تک چمن کے وسط میں اپنے مرکز تعلیمات اسلامی (جامع مسجد قباء) جملہ فنون بشمول دورہ حدیث کا درس دیا کرتے تھے اسکے پانچ ایکڑ رقبے پر مشتمل جامعہ اسلامیہ علامہ ٹاؤن بائی پاس روڈ چمن کے نام سے وسیع دینی ادارے و جامعہ کی بنیاد رکھی۔ اسکے بعد کلی پیر علی زئی میں دورہ حدیث کا آغاز کیا مولانا خیر محمد اور مولانا محمد معصوم پہلے سال کے فضلاء کرام تھے آخر کار اپنے آبائی علاقے چمن ہی کو علوم نبوت کی خدمت کیلئے منتخب کیا پچیس سالوں تک چمن کے وسط میں اپنے مرکز تعلیمات اسلامی (جامع مسجد قباء) جملہ فنون بشمول دورہ حدیث کا درس دیا کرتے تھے اسکے پانچ ایکڑ رقبے پر مشتمل جامعہ اسلامیہ علامہ ٹاؤن بائی پاس روڈ چمن کے نام سے وسیع دینی ادارے و جامعہ کی بنیاد رکھی۔ جامعہ اسلامیہ کی بنیاد رکھتے ہوئے پاکستان افغانستان اور ایران سے طلباء اور علماء کی بڑی تعداد جمع ہو کر شہید علامہ عبدالغنیؒ کے زیر سایہ علمی خدمات کا سلسلہ شروع کیا۔ جو تاحال بڑی اہمیت کے ساتھ جاری و ساری ہے،

سیاسی لحاظ سے

1) حضرت العلامہ عبدالغنی رحمۃ اللہ تعالی علیہ 1988 / 1997 پشین/قلعہ عبداللہ حلقہ قومی اسمبلی سے دومرتبہ رکن قومی اسمبلی منتخب ہوئے ہے [(2) اور اسی حلقہ کا 9 سالوں تک جمعیت علماء اسلام پاکستان کے ضلعی امیر رہے ہیں

(3) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی نائب امیر اور جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی سینئر نائب امیر بھی رہے ہیں

(4) کل پاکستان مجلس الفقہ کے رئیس بھی رہ چکے ہیں

(5) طالبان افغانستان او امارت اسلامی افغانستان کے استاد کل مانے جاتے تھے یہی وجہ تھی کہ ملا محمد عمر مجاہد کا فاتحہ سب سے پہلے اسی جامعہ میں لی گئی

(6) 49 سالوں تک حدیث وتفسیر قران کریم کا درس دیتے رہے جس سے 10 ہزار کے قریب علماء کرام اور مفتیان عظام فارغ التحصیل ہوئے جو کہ فی الحال پاکستان افغانستان اور ایران میں سینکڑوں مدارس دینیہ چلا رہے ہیں (7) انکے دروس احادیث مبارکہ کا 6500 صفحات پر مشتمل شرح بخاری شریف پر کام جاری ہے ان شاء اللہ جلد منصہ شہود پر آجائیگی (8) ہندوستان، قطر، سعودی عرب، برطانیہ، اور افغانستان کے متعدد بیرونی دعوتی واصلاحی دورے کر چکے ہیں (9) جہاد اسلامی کے علمبردار سیاست اسلامی کے صف اول کے شہسوار قبائلی دشمنیوں کے (خصوصا قبائلی رنجشوں کے تصفیہ کے بدلے عورتوں کی بیاہ) کے سخت مخالف تھے قبائلی رنجشوں کو ختم کرنے میں ہمیشہ مصروف عمل رہتے

(10) مولانا فضل الرحمن دامت برکاتہم العالیہ انھیں علمی لحاظ سے چلتا پھرتا کتب خانہ کہا کرتے تھے

(11) قلعہ عبداللہ کو ضلع کا درجہ انکے دور ممبری میں دیا گیا جسمیں شہید علامہ عبدالغنیؒ کا کلیدی کردار رہا۔ دینی لحاظ سے آپؒ کل پاکستان کے رئیس مجلس الفقہ بھی منتخب ہوئے ہیں۔ جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی سینئر نائب امیر کے عہدے پر فائز رہے۔ آپؒ پاکستان و افغانستان میں ایک عظیم وممتاز عالم دین کے علاوہ ایک نڈر جہادی عالم دین شخصیت کی حیثیت سے اثر رکھتے تھے ۔شہید علامہؒ کی علمی سیاسی جہادی قبائلی اور ملکی سطح پر خدمات امت مسلمہ کو درس دیتی ہیں کہ سب اپنے پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نقش قدم پر چل کر باہمی اتحاد و اتفاق اور مساوات عدل و انصاف احسان کی بنیادی اقدار اور تابندہ روایات کی روشنی میں اسلامی علوم جہادی صف وقطار میں پاکیزگی کی بنیادیں قائم کر پختہ عزم رکھ کر آگے بڑھیں ۔علامہ شہیدؒ علمی اور تاریخی حوالے سے تو پاکستان افغانستان اور ایران کے علاوہ دیگر اسلامی ممالک کا بھی ایک عظیم سرمایہ تھے مگر علامہ شہیدؒ نے انتہائی غربت اور گھمبیر

حالات اور ناسازگار فضاء میں تن تنہا کھڑے ہو کر اور ایک مضبوط منصوبے کے تحت عظیم دینی نقشہ فکر وعمل اور سیاسی علم کی



رہنمائی اور ہمہ گیر اصلاح کی روشنی میں تابندہ پروگرام کو لے کر بڑھتے اور پوری دنیا میں ایک پرامن پرسکون اور مستحکم قرآنی نظام کے خواہش مند تھے۔ شہید علامہؒ کی تقاریر اور درس وتدریس کے اسباق ہمیں فہم و شعور فکر ونظر اور اسلام سے محبت اور دین محمدی پر جانثاری کا جذبہ دیتے تھے۔ آپؒ مکمل زندگی میں یہی کوشش کرتے تھے کہ انسانی زندگی کے تمام شعبوں میں ایسی وحدت بناؤ جیسے مسلم امہ عظیم اسلامی مقاصد کے لیے ایک فلیٹ پر جمع رہے ۔اس عظیم فکر ومشن کے لیے آپؒ وقت کے فرعونیت جہالت اور مسلم امہ کی افراتفری کے منصوبوں کیخلاف ایک روشن مشعل راہ اور سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند تھے ۔اسلامی روایات کی روشنی میں معاشرتی اسلامی سیاسی قبائلی اور جہادی وملی مسائل کا خوب سے خوب تر حل پیش کرتے تھے ۔آپؒ اسلامی تعلیمات سے عوام الناس کو علم جہاد اور دعوت کی فکر سے آراستہ کرتے تھے، درحقیقت شہید علامہ عبدالغنیؒ میں اسلام کے عظیم رہنماؤں کی عظیم اوصاف دور دور سے نظر آتی تھیں آپؒ کبر غرور جیسے ناپاک عادتوں سے جام شہادت تک محفوظ اور دور رہے ۔منافقانہ سیاست۔ شخصیت پرستی مفاد پرستی اور غیر اسلامی رسومات سے سخت نفرت اور باقاعدہ اسکوجز سے اکھاڑنے کیلئے مسلسل جدوجہد کرتے تھے

۔آپ تمام زندگی میں ساتھیوں اور ہر عام و خاص کو تعصبانہ اور قوم پرستی جیسے ناسور سے منع فرماتے تھے اور ایک اسلامی وحدت کی تلقین کیا کرتے تھے۔ آپؒ نے جیسی اپنی مکمل زندگی دین کی خدمت کیلئے وقف کر رکھی تھی ویسے ہی افغانستان پاکستان اور ایران میں آپکے علم و جامعہ اسلامیہ سے فارغ التحصیل (10000) علماء کرام و مفتیان عظام نے بھی اپنے وطن میں درس وتدریس کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔

آپؒ نے واقعی اس مال و دولت بنورنے کے دور میں علم کے پھیلنے میں عظیم کردار ادا کیا شہید علامہ عبدالغنیؒ کے متعلق قائد جمعیت اور سربراہ پی ڈی ایم حضرت مولانا فضل الرحمن فرماتے تھے کہ علامہ شہیدؒ ہماری چلتی پھرتی علمی لائبریری ہے۔ خوشی کی بات ہے کہ محدثین کرام کے 1400 سو سالہ تاریخ پر ایک عظیم کتاب (ہزار محدثین کے نام سے) تصنیف ہوئی ہے جس میں ایک ہزار کے قریب صرف وہ ہستیاں لکھی گئی ہیں جنہوں نے مکمل زندگی قرآن حدیث اور اسلامی تعلیمات کے لیے وقف کر رکھی تھی پورے پشتون اقوام سے شہید علامہ عبدالغنیؒ کا بھی باقاعدہ اس کتاب میں ذکر شامل ہے یہ اہل وطن کیلئے ایک عظیم خوشخبری اور افتخار ہے

اسی طرح جامعہ اسلامیہ کی علمی ثمر کے طور پر افغانستان پاکستان اور ایران میں سینکڑوں مدارس وجود میں آئے ہیں افغانستان کے تمام صوبوں میں شہید علامہؒ کے شاگرد علماء کرام موجود ہیں (سوائے ایک صوبہ دائی کنڈی جو ہزارہ قوم کا ہے) اور پاکستان میں پشتون بیلٹ کے تمام ضلعوں۔ تحصیل اور دیہاتوں میں سینکڑوں کی تعداد میں مدارس وجود رکھتے ہیں اسی طرح ایران میں جامعہ کے فضلاء کرام نے مدارس کھولے ہیں ۔شہید علامہ کی جامعہ اسلامیہ کے توسط سے وجود آنے والے مدارس جو بلوچستان کے پشتون بیلٹ میں قائم ہیں سالانہ دستار بندی کے پروگراموں میں سالانہ دعوتی واصلاحی دورے کے موقع پر فرزندو جانشین علامہ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف چمن سے ژوب ۔چاغی سے لورالائی تک 25000/30000 کلومیٹر تک سفر کرتے ہیں اور مدارس کی دستار فضیلت پروگراموں میں بطور مہمان خاص ہر سال شرکت یقینی بناتے ہیں جو کہ دین دوستی اور علامہ شہیدؒ کی علمی مشن کو آگے بڑھانے اور جاری رکھنے کی ایک مثالی تاریخی اور انتھک عظیم عزم ہے۔ شہید علامہؒ اسلامی تنظیموں اور امت مسلمہ کے اتحاد و اتفاق اور سب کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کے لیے بے حد منتظر و بے تاب تھے۔ طاغوتی قوتوں کیخلاف اور مظلوم ومحکوم اقوام وممالک کے ایک ترجمان کی حیثیت رکھتے تھے۔ علامہ شہیدؒ کو اللہ تعالی نے اطاعت خدا۔ سنت نبوی اور تقویٰ کرنے پر پہاڑ جیسی استقامت بخشی تھی اسلئے علوم وفنون کا ایک سمندر وسرچشمہ تھے۔ شہید علامہ عبدالغنیؒ کے علمی دینی اسلامی جہادی سیاسی قبائلی اور شرعی خدمات تو بے تحاشا ہیں لکھنے کو قلم وبلکھاری دونوں عاجز ہیں،

26 اکتوبر 2011 کو صبح معمول کے مطابق علامہ عبدالغنیؒ درس حدیث کیلئے جامعہ اسلامیہ کی طرف جا رہے تھے کہ کوئٹہ چمن کے مین شاہراہ بمقام کالج روڈ علامہ رح کی کار دوسری جانب سے آنے والی کار سے ٹکرا گئی اور چند لمحات میں شیخ علامہ عبدالغنیؒ جام شہادت نوش کیا یہ خبر افغانستان پاکستان اور ایران کے علاوہ عالمی میڈیاء پر نشر ہوتے ہوئے ہزاروں کی تعداد میں لوگ چمن جامعہ اسلامیہ کا رخ کرتے ہوئے چمن کی تاریخ میں بڑے جنازے کا اعلان ہو کر شہید علامہ عبدالغنیؒ کے بڑے فرزند حضرت مولانا حافظ محمد یوسف نے پڑھایا جسمیں ایک بڑی تعداد (ایک لاکھ کے قریب) علماء کرام شیوخ عظام قبائلی عمائدین سرکاری شعبوں سے منسلک افراد اور زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والوں نے بہت غم دکھ اور آہ وفریاد اور دردناک وغمناک فضاء میں شرکت کی۔ شہید علامہؒ کے ادھورے مشن و اسلامی خدمات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے علامہ شہیدؒ کے بڑے صاحبزادے و جانشین جمعیت علماء اسلام پاکستان کی مرکزی شوریٰ کے ممبر ممتاز عالم دین سیاسی بصیرت رکھنے والے فصیح اللسان جناب حضرت مولانا حافظ محمد یوسف نے عزم کر کے درہ کوژک کے دامن میں یہ آباد جامعہ اسلامیہ علامہ ٹاؤن کی خدمت اور شہید علامہؒ کی باقی اسلامی خدمات کو عملی جامہ پہنانے کیلئے شہید علامہ کی طرح اپنی زندگی وقف کر رکھی ہے جامعہ اسلامیہ میں ماضی کی طرح اب بھی افغانستان پاکستان اور ایران سے ہزاروں کی تعداد میں دینی تعلیمات انتہائی پرسکون اور سہولیات سے دستیاب ماحول میں حاصل کرتے ہیں۔ جامعہ اسلامیہ علامہ ٹاؤن میں فرزند وجانشین حضرت مولانا حافظ محمد یوسف اور انکے برادر مولوی محمد ایوب و اساتذہ کرام جامعہ و تبعین جامعہ کے توسط سے دینی تعلیمات کا سلسلہ انتہائی احسن طریقے سے جاری ہے علامہ شہیدؒ کا 56 سالوں سے دین کا یہ سلسلہ فی سبیل اللہ جاری ہے اس علمی تاریخی اقدامات میں مزید نکھار پیدا کرنے کیلئے 25 سال پہلے 1997 میں جامعہ اسلامیہ کی بنیاد رکھی جو تا حال علامہ شہیدؒ کا دینی سلسلہ بڑی محنت کیساتھ جاری وساری ہے۔ وقت کے جدید تقاضوں کیساتھ ساتھ جناب حضرت مولانا حافظ محمد یوسف نے بھی جامعہ اسلامیہ میں وقت کے ضروری شعبوں

کو فروغ دیا جس سے ہزاروں طلباء وقتاً فوقتاً مستفید ہو رہے ہیں۔ جامعہ اسلامیہ علامہ ٹاؤن میں 1500 طلباء زیر تعلیم ہیں جسکو وفاق المدارس کا نصاب تخصص بالفقہ شعبہ قرات ۔شعبہ حفظ ۔دورہ تدریبیہ اسکے ساتھ ہم نصابی سرگرمیاں جاری رہتی ہیں جامعہ اسلامیہ میں ایک عظیم جامع مسجد بھی تعمیر ہے۔ اسکے علاوہ دارالحدیث۔ اساتذہ کالونی۔ مہمان خانہ۔ طلباء کی رہائش گاہیں ۔درسگاہیں ۔شہید علامہ عبدالغنیؒ کی آخری آرام گاہ صحت عامہ کے ڈیپارٹمنٹ سے منظور شدہ bho اسپتال اور حکومت پاکستان کی طرف سے منظور شدہ ایک پرائمری اسکول واقع ہے۔ جامعہ اسلامیہ بشمول دیگر شعبہ جات کے تمام تر ادارے حکومت

پاکستان سے باقاعدہ طور منظور شدہ ہیں۔ جامعہ اسلامیہ سے ہزاروں علماء کرام متخصصین قراء حضرات حفاظ کرام فارغ ہو چکے ہیں جو اب مختلف ممالک میں امامت خطابت تدریس دعوت وارشاد اور تالیف و تصنیف کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اسی طرح جامعہ اسلامیہ میں دارالافتاء اور دارالقضاء والتحکیم شعبے بھی وجود رکھتے ہیں دارالافتاء میں 30 کی تعداد میں مفتیان کرام ہیں جو قندھار سے لیکر بلوچستان بھر کے اضلاع کو دینی شرعی مسائل کا بروقت تحریری جوابات میسر کرتے ہیں۔ دارالقضاء والتحکیم میں 6 علماء و مفتیان کرام ہیں جو

جائیداد و وراثت کے مسائل کو حل کرنے میں پیش پیش ہیں۔ بعض اوقات چمن عدالت و انتظامیہ سے بھی ضرورت کی بناء پر روابط ہوتے رہتے ہیں۔ جامعہ اسلامیہ میں ہر سال دستار فضیلت اور ختم بخاری کی مناسبت سے عظیم الشان فقید المثال بیاد علامہ شہیدؒ کانفرنس منعقد ہوتی ہے جس میں قائد جمعیت پی ڈی ایم کے سربراہ حضرت مولانا فضل الرحمن صاحب خصوصی مہمان کی حیثیت سے شرکت فرماتے ہیں ویسے افغانستان پاکستان اور ایران کے عظیم شیوخ کرام علماء کرام ومعتبرین سالانہ کانفرنس بیاد علامہ شہیدؒ میں لازمی شرکت کرتے ہیں اور علامہ شہیدؒ سے اظہار محبت کا ثبوت پیش کرتے ہیں اسکے علاوہ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن صاحب نے 8 دفعہ جامعہ اسلامیہ میں شرکت فرمائی ہے۔ شہید علامہؒ کانفرنس میں عظیم علماء کرام عوام الناس کو اصلاحی اسلامی اور پرامن رہنے کی تقاریر کرتے ہیں۔ اسکے علاوہ فرزند وجانشین علامہ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف نے جامعہ اسلامیہ علامہ ٹاؤن میں ضلع چمن و بلوچستان بھر اسی طرح ملکی و بین الاقوامی سطح کیلئے اشاعت کا شعبہ بحال کر رکھا ہے جو تمام پشتون بیلٹ میں سہ ماہی اردو میگزین بنام حوالھدیٰ کو شائع کر کے ارسال کرتے رہتے ہیں تاکہ عوام الناس جامعہ اسلامیہ علامہ ٹاؤن کے عظیم علماء کرام کی تحریریں پڑھ کر فائدہ اٹھا سکے۔ اور علامہ شہیدؒ سے اظہار محبت کا ثبوت پیش کرتے ہیں اسکے علاوہ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن صاحب نے 8 دفعہ جامعہ اسلامیہ میں شرکت فرمائی ہے۔ شہید علامہ کانفرنس میں عظیم علماء کرام عوام الناس کو اصلاحی اسلامی اور پرامن رہنے کی تقاریر کرتے ہیں۔ اسکے

علاوہ فرزند وجانشین علامہ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف نے جامعہ اسلامیہ علامہ ٹاؤن میں ضلع چمن و بلوچستان بھر اسی طرح ملکی و بین الاقوامی سطح کیلئے اشاعت کا شعبہ بحال کر رکھا ہے جو تمام پشتون بیلٹ میں سہ ماہی اردو میگزین بنام حوالھدیٰ کو شائع کر کے ارسال کرتے رہتے ہیں تاکہ عوام الناس جامعہ اسلامیہ علامہ ٹاؤن کے عظیم علماء کرام کی تحریریں پڑھ کر فائدہ اٹھا سکے۔ اسی طرح جدید دور کی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے جامعہ اسلامیہ میڈیاء کا نشریاتی آن لائن بحال سسٹم بھی بنایا ہے جو جامعہ اسلامیہ میں تالیف وتصنیف کے شعبہ میں بحال کردار ادا کرنے میں مصروف رہتا ہے۔ جامعہ اسلامیہ میں واقع جامع مسجد میں ہر جمعہ کے دن اور رمضان المبارک میں ہر ظہر نماز کے بعد فرزند وجانشین علامہ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف عوام الناس کی اصلاح کیلئے شرعی واصلاحی مسائل وواقعات پر مبنی تقاریر پیش کرتے ہیں اسی طرح رمضان المبارک میں سینکڑوں معتکفین کا مشترک اعتکاف کا انتظام ہوتا ہے جو ہر روز معتکفین کو تین شرعی مسائل سکھاتے ہیں اسکے علاوہ ہر سال حج عازمین کو دو ہفتوں کیلئے ملٹی میڈیاء (پروجیکٹر) کے ذریعے تربیت دی جاتی ہے۔ اسی طرح جامعہ اسلامیہ میں بروز بدھ دس قرآن مجید ذکر اور ختم خواجگان کا اہتمام کرتے ہیں جو ہفتہ میں اہل علاقہ میں کوئی فوت ہو چکا ہو انکے روح کے ایصال ثواب کیلئے بلاتفریق بخشے جاتے ہیں اجتماعی دعا ہوتی ہے جامعہ اسلامیہ کا سالانہ 15 ملین پاکستانی بجٹ ہے جو علاقے کے دین دوست عوام کے تعاون سے ہی ممکن ہے۔ اسکے علاوہ جامعہ اسلامیہ کسی بھی سرکاری و نیم سرکاری اداروں کی فنڈنگ وتعاون سے بالکل لاتعلق بلکہ ممنوع ہے اور نہ جامعہ اسلامیہ کی یہ پالیسی ہے کہ وہ سرکاری ونیم سرکاری سے دینی خدمت کے سلسلے میں تعاون کی تمناء یا ارادہ رکھے۔ اسی طرح فرزند وجانشین علامہ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف خود ایک ملنسار مہمان نواز

عالم دین دینی علوم کے ماہر شرعی و قبائلی مسائل وتنازعات سے بخوبی واقف اور عبور حاصل رکھنے والی ہستی ہے اسکی واضح مثال شہید علامہؒ کی روہیت ہلال کمیٹی سے 39 سالوں سے منسلک رہنے کی ذمہ داری اب فرزند وجانشین علامہ کے کاندھوں پر ہے۔ یہ مولانا حافظ محمد یوسف کی علمیت پر واضح دلالت ہے حضرت مولانا حافظ محمد یوسف جامعہ اسلامیہ علامہ ٹاؤن میں شہید علامہ عبدالغنیؒ کی دینی خدمات کا سلسلہ جاری رکھنے کیساتھ ساتھ قدرتی آفات سے متاثرہ عوام کو ریلیف دینے کا بھی ایک سلسلہ رکھتے ہیں جو ایمرجنسی کی صورت میں عوامی استفادہ برقرار رہتا ہے۔ اسی طرح فرزند وجانشین علامہ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف کا جماعتی قبائلی اور سیاسی میدان میں کلیدی کردار ہے گزشتہ سال بنو میں پشتون جرگے کی ایک نشست کی سربراہی دینے سے واضح ہے اور ملک بھر سے اسلام کے عظیم شیوخ کی جامعہ اسلامیہ میں آمد اور بالخصوص فرزند وجانشین علامہ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف کا مرکزی سطح پر جماعتی پالیسی کی مجالس میں شرکت یہاں علاقائی قومی اور سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر علاقائی پارٹیوں کے ذمہ دار ساتھیوں سے پرامن معاشرے کی مشاورتوں میں شرکت اور فرزند علامہ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف سے صلاح ومشورے لینے سے شہید علامہ عبدالغنیؒ کے اسلامی مشن زندہ و تابندہ نظر آتا ہے۔ جیسے شہید علامہ عبدالغنیؒ اپنے دور حیات میں تعصب نفرت اور غیر اسلامی وغیر شرعی رسومات سے نفرت اور ایک منظم وحدت کے حامی تھے الحمد اللہ فرزند وجانشین شہید علامہؒ عبدالغنیؒ حضرت مولانا محمد یوسف بھی اپنے عظیم والد گرامی کے نقش قدم پر رواں دواں ہے جیسے عوام الناس پرامید تھے ویسے ہی فرزند وجانشین علامہ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف بھی عوامی تمناؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے بھرپور انداز میں علامہ شہیدؒ کی طرح یکجہتی وحدت عوامی خدمت اسلامی تعلیمات شرعی مسائل قبائلی تنازعات اور درس بخاری کو تازہ اور جاری رکھا ہے اللہ مزید بھی توفیق عطا فرمائیں آمین۔

☆☆☆☆☆

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں ج۔ک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

پارٹی نے ہمیشہ تعصب سے بالاتر ہو کر عوام کی خدمت کی ہے، ملک نعیم بازئی

آج ملک کے عوام اسی لئے پارٹی کے پالیسیوں اور اقدامات سمیت کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے جوق در جوق اس میں شامل ہو رہے ہیں

جمہوری اور آئینی طریقے سے سیاست اور جمہوریت کی پاسداری اور عوام کی خدمت کے لئے اپنا کردار ادا کر رہی ہے' عوامی نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ، بی ڈی اے ملک نعیم خان بازئی نے کہا ہے کہ پارٹی نے ہمیشہ تعصب سے بالاتر ہو کر عوام کی خدمت کی ہے یہی وجہ ہے کہ لوگ جوق در جوق اے این پی میں شمولیت کر رہے ہیں میں نے بلاتفریق حلقے کے عوام اور بلوچستان کے لوگوں کی ہر موقع پر خدمت کرتے ہوئے ان کے مسائل حل کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کچلاک اور دیگر علاقوں میں جمعیت علماء اسلام سمیت دیگر جماعتوں سے مستعفی ہو کر پارٹی میں شمولیت کرنے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مرکزی کمیٹی کے ممبر سید امیر علی آغا، باچا ولی کاکڑ، الیاس کاکڑ، عبدالستار کاکڑ، مجید سلیمان خیل بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، کیسکو کے چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز عبدالوہاب گسی بورڈ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خاتون رکن اسمبلی کے اغوا کی سازش، چوہدری وجاہت، مونس الٰہی کیخلاف مقدمہ درج

مقدمہ تھانہ غالب مارکیٹ میں درج کیا گیا، دہشت گردی، ٹیلی گراف ایکٹ کی دفعات شامل

وائرل مبینہ آڈیو میں دونوں سیاست دانوں نے خواتین ایم پی اے کو غائب کرنے کی گفتگو کی تھی

لاہور (این این آئی) پولیس نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے قریبی رشتہ داروں کے خلاف ایم پی اے، ایم این اے کے مبینہ اغوا کی سازش کے الزام میں مقدمہ درج کرلیا۔ وجاہت الٰہی اور مونس الٰہی کے خلاف مقدمہ تھانہ غالب مارکیٹ میں درج کیا گیا جس میں دہشت گردی، ٹیلی گراف ایکٹ کی دفعات شامل کیں۔ مدعی مقدمہ کے مطابق ٹویٹر پر وائرل آڈیو میں دونوں سیاست دانوں نے خواتین ایم پی اے کو غائب کرنے کی گفتگو کی۔ بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹ کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے، ماہ جبین جمالی

ملک اور پارلیمنٹ کے خلاف کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دے گی' پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان خواتین ونگ کی نائب صدر و فوکل پرسن ورکرز ویلفیئر بورڈ اسکولز ماہ جبین خالد جمالی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹ کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے ملک اور پارلیمنٹ کے خلاف کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دے گی، عمران نیازی کی سیاست دم توڑ چکی ہے جس کے بعد اب وہ ویک میٹنگ پر اتر آئے ہیں اور مسلسل پی ٹی آئی ملک دشمن سازشوں میں مصروف ہے پی پی پی کے جیالے ملک دشمن ہر بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

دینی مدارس اسلام کے تحفظ کیلئے اہم قلعے ہیں۔ حافظ محمد صدیق مدنی

مسلم کمرشل بینک اسلامک لمیٹڈ برانچ چمن کے اسٹاف کی کارکردگی قابل ستائش ہیں۔ مقررین

چمن (نامہ نگار) مدرسہ عربیہ بحرالعلوم جامع مسجد نور گھوڑا ہسپتال روڈ چمن کے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس صدر و مہتمم مولوی حافظ محمد صدیق مدنی کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز حافظ سیف الرحمن کے تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ اجلاس سے مدرسہ بحرالعلوم چمن کے صدر و مہتمم مولوی حافظ محمد صدیق مدنی، سیکرٹری جنرل و ناظم تعلیمات قاری محمد فرید نثار، مولوی امان اللہ، سیف اللہ، شیر محمد سلیمان خیل اور حافظ سیف الرحمن صدیق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مدرسہ بحرالعلوم چمن بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کی گرفتاری قابل مذمت ہے، نظر زوران

حکمرانوں نے عمران خان کو گرفتار کرنے کی کوشش کی تو حکمرانوں کی اینٹ سے اینٹ بجادیں گے' عمران ٹائیگرز ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف عمران ٹائیگرز ضلع کوئٹہ کے کپتان نظر زوران نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امپورٹڈ حکمران بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں اگر حکمرانوں نے عمران خان کو گرفتار کرنے کی کوشش کی تو حکمرانوں کی اینٹ سے اینٹ بجادیں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں نظر زوران نے کہا کہ ملک ڈوب رہا ہے لیکن ملک کے طاقتور بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

پنجاب قرآن بورڈ کی سویڈن میں انتہاپسندوں کی جانب سے قرآن پاک کی بے حرمتی کے گھناؤنے واقعہ کی شدید مذمت

توہین آمیز واقعات، اشتعال انگیز رویے سے عالمی امن کے متاثر ہونے کا شدید خدشہ ہے' مولانا قاری محمد حنیف جالندھری ودیگر [illegible]

لاہور (این این آئی) سویڈن میں دائیں بازو کے انتہا پسندوں کی جانب سے قرآن پاک کی بے حرمتی کے گھناؤنے واقعہ کی پنجاب قرآن بورڈ شدید مذمت کرتا ہے۔ اس سے دنیا کے مختلف خطوں میں بسنے والے ڈیڑھ ارب مسلمانوں کی شدید دل آزاری اور مذہبی دینی جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پنجاب قرآن بورڈ کے چیئرمین مولانا قاری محمد حنیف جالندھری اور دیگر بورڈ ممبران جن میں ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، ڈاکٹر راغب حسین نعیمی، ڈاکٹر محمد حسین اکبر اور ڈاکٹر عبدالغفور راشد نے اپنے ایک اعلامیہ میں کیا۔

سی ٹی ڈی کے مختلف اضلاع میں آپریشن، 4 مشتبہ افراد گرفتار، تفتیش کیلئے نامعلوم مقام پر منتقل

46 مقامات پر کومبنگ اینڈ سرچ آپریشن، 2694 افراد سے پوچھ گچھ، 467 افراد کی بائیو میٹرک تصدیق

لاہور (این این آئی) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے مختلف اضلاع میں آپریشن کر کے 4 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا جن کے خلاف مقدمات درج کر کے تفتیش کے لئے نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا۔ حکام کے مطابق دہشت گردی کے خدشات کے پیش نظر مختلف اضلاع میں 46 مقامات پر کومبنگ اینڈ سرچ آپریشن کیے گئے، 2694 افراد سے پوچھ گچھ اور 467 افراد کی بائیو میٹرک تصدیق کی۔ منڈی بہاؤ الدین، نارووال، جہلم سے تین مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا۔

عمران خان وہ ریڈ لائن ہیں جنہیں گرفتار کرنے کی کوشش بھی کی گئی تو بہت نقصان ہوگا، علی زیدی

[illegible]

عمران خان کا قصور پاکستان کی عوام کو بیدار کرنا ہے، ملک میں سری لنکا جیسے حالات پیدا کئے جارہے ہیں، لیاقت جتوئی کے ہمراہ پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر و سابق وفاقی وزیر علی زیدی نے کہا ہے کہ اطلاعات ہیں کہ ایک میٹنگ میں امپورٹڈ حکومت کی جانب سے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو گرفتار کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ عمران خان وہ ریڈ لائن ہیں جنہیں گرفتار کرنے کی کوشش بھی کی گئی تو بہت نقصان ہوگا۔ پنجاب میں 25 مئی کے دن عوام کو ریاستی دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے پولیس افسران کو دوبارہ عہدوں پر لا کر بٹھا دیا گیا ہے۔ جو انتقامی حرکتیں یہ حکومت کر رہی ہے اس سے انہیں بہت نقصان ہوگا۔ پی ٹی آئی کے رہنما فواد چوہدری کی گرفتاری کی بھی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی ٹی آئی سندھ سیکرٹریٹ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ پی ٹی آئی رہنما و سابق وزیر اعلیٰ سندھ لیاقت جتوئی، پی ٹی آئی سندھ کے نائب صدر آغا ارسلان بھی موجود تھے۔

بلوچستان سرد موسم میں مشکلات سے دوچار ہے، ثمینہ زہری

صوبائی اور وفاقی حکومتوں کی جانب سے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں امداد پہنچانے اور بحالی کے کام جاری ہیں

سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں متاثرین کو شدید سرد موسم کی سختیوں سے بچانے کیلئے ہنگامی طور پر اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے، سینیٹر

لسبیلہ (این این آئی) بلوچستان سرد موسم میں مشکلات سے دوچار ہے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں متاثرین کو شدید سرد موسم کی سختیوں سے بچانے کے لئے ہنگامی طور پر اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ڈسٹرکٹ لسبیلہ کے موضع چھب مانڈڑہ موضع گب مانڈڑہ میں سیلاب متاثرین کی بستیوں میں راشن، کمبل، گرم کپڑے، دودھ، دوائیاں، بچوں کے لئے کھلونے و دیگر ضروری اشیاء کی تقسیم کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے 200 سے زائد کمبل، گرم کپڑے، 600 سے زائد راشن بیگز، دوائیاں، دودھ کے 200 کارٹن، بچوں کے لئے کھلونے، مچھر دانیاں اور ضرورت کی دیگر اشیاء تقسیم کیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ہم نے سیلاب بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری یو این ریزیڈنٹ پاکستان جولین حارنس کو نصیر آباد دورے کے موقع پر شیلڈ دے رہی ہیں

افغانستان شدید سردی، ہلاکتوں کی تعداد 130 تک جا پہنچی

70 ہزار مویشی بھی ہلاک ہوگئے، بہت سے علاقوں کا آپس میں زمینی رابطہ مکمل طور پر منقطع ہوگیا

کابل (این این آئی) افغانستان میں گزشتہ پندرہ روز میں شدید سردی سے مرنے والوں کی تعداد 124 ہوگئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق افغان وزارت برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے ترجمان نے کہا ہے کہ ملک میں سردی کا 10 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا ہے، شدید سردی سے تقریباً 70,000 مویشی بھی ہلاک ہوئے۔ طالبان کے ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے قائم مقام وزیر ملا محمد عباس اخوند نے برطانوی نشریاتی ادارے کو بتایا ہے کہ برف باری کے باعث سڑکیں بند ہونے سے افغانستان کے بہت سے علاقوں کا آپس میں زمینی رابطہ مکمل طور پر منقطع ہو چکا ہے۔

ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فدا بلوچ نے قلات بازار کا دورہ کیا

قلات (نامہ نگار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قلات فدا بلوچ کا قلات بازار کا دورہ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فدا بلوچ نے قلات بازار کا دورہ کیا دورے بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

امریکا میں خاتون سے جبری مشقت کا جرم، ساس اور 2 دیوروں کو 12 سال تک کی سزائیں

عدالت نے متاثرہ خاتون کو 2 لاکھ 50 ہزار ڈالر بطور اجرت ادا کرنے اور دیگر معاملات کی مد میں مالی تلافی کا بھی حکم دیدیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی ایک عدالت نے ایک پاکستانی خاتون سے جبری مشقت کرانے کا جرم ثابت ہونے پر اس کی ساس اور 2 دیوروں کو 12 سال تک کی سزائیں سنادیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی ریاست ورجینیا میں ایک وفاقی عدالت نے ایک خاتون سے 12 سال تک جبری گھریلو مشقت کرانے کے جرم میں اس کی 80 سالہ ساس 12 سال اور 55 اور 48 سالہ 2 دیوروں کو بالترتیب 5 اور 10 سال کی سزائیں سنائی ہیں۔

حکومت بلوچستان کی جانب سے عوام کو سستے داموں آٹا کی فراہمی جاری ہے

زیارت (خ ن) حکومت بلوچستان کی جانب سے عوام کو سستے داموں آٹا کی فراہمی جاری ہے زیارت میں ڈپٹی کمشنر زیارت شیر احمد بارنی کی احکامات اور ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر زیارت سمیع اللہ کاکڑ نے زندرہ ولیویز تھانہ کے مقام پر سرکاری نرخوں پر چھ سو بوری میں گلو آٹا تقسیم کیا گیا اس موقع پر تھانہ انچارج سراج الدین، زمان خان ڈسٹرکٹ انتظامیہ قبائلی عمائدین بھی بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

ڈائریکٹر کالجز پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ لانگو نے گورنمنٹ بوائز انٹر کالج مسکان قلات کا دورہ کیا

خاران (نمائندہ خصوصی) ڈائریکٹر کالجز پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ لانگو نے گورنمنٹ بوائز انٹر کالج مسکان قلات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کالج پرنسپل حافظ شیر محمد اور لیکچرار صاحبان نے ڈائریکٹر کالجز کا استقبال کیا۔ انہوں نے کالج اسٹاف سے ملاقات اور بوائز اور گرلز سیکشن کلاسز کا دورہ کیا اور طلباء سے سوالات پوچھے کالج طلبا نے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، کونصل جنرل ایران حسن درویش وند صحافیوں سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

بلوچستان نیشنل پارٹی قلات کے آرگنائزنگ کمیٹی اور سینئر ممبران کا ایک اہم مشترکہ اجلاس منعقد ہوا۔

قلات (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی قلات کے آرگنائزنگ کمیٹی اور سینئر ممبران کا ایک اہم مشترکہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان نیشنل پارٹی قلات کے ڈپٹی آرگنائزر مصدق بلوچ آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبران بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا حکومت نے پولیس تبادلوں کی رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرا دی

صوبوں سمیت اسلام آباد پولیس بھی آرڈر 2002 پر عملدرآمد یقینی بنائیں سپریم کورٹ کا اسلام آباد پولیس کو تقرری و تبادلوں کی رپورٹ جمع کرانے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان میں پولیس افسران کے سیاسی بنیادوں پر تبادلوں کے خلاف کیس میں پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا حکومت نے پولیس تبادلوں کی رپورٹ عدالت میں جمع کرا دی جس پر سپریم کورٹ نے اسلام آباد پولیس کو تقرری و تبادلوں کی رپورٹ جمع کرانے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام آباد پولیس نے پوسٹنگ اور تعیناتیوں کی تفصیلات فراہم نہیں کیں، صوبوں سمیت اسلام آباد پولیس بھی آرڈر 2002 پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔

ضلع صحبت پور انتہائی پسماندہ ہونے کے باوجود نادرا آفس صحبت پور عملہ بڑی حکمت عملی اور سخت محنت سے عوام کی خدمت کرنے میں مصروف عمل ہے

مانجھی پور (نامہ نگار) ضلع صحبت پور انتہائی پسماندہ ہونے کے باوجود نادرا آفس صحبت پور عملہ بڑی حکمت عملی اور سخت محنت سے عوام کی خدمت کرنے میں مصروف عمل ہے جس کا کریڈٹ انچارج نادرا صحبت پور نبی بخش کھوسہ کو جاتا ہے تفصیلات کے مطابق انتہائی وسیع اور بڑی آبادی پر محیط ضلع صحبت پور میں ایک ہی نادرا رجسٹریشن ہونے کی وجہ سے عوام کو سہولیات فراہم بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

گوجر خان، پی ٹی آئی کے 13 نامزد اور 170 کارکنوں کے خلاف ایف آئی آر درج

پی ٹی آئی کے کارکنوں نے 10 نومبر 2022 کو بانٹھ موڑ جی ٹی روڈ بلاک کر کے احتجاج کیا تھا

گوجر خان (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے جی ٹی روڈ پر احتجاج کے 65 دن بعد پی ٹی آئی کے 13 نامزد اور 170 کارکنوں کے خلاف ایف آئی آر درج کرلی گئی پی ٹی آئی کے کارکنوں نے 10 نومبر 2022 کو بانٹھ موڑ جی ٹی روڈ بلاک کر کے احتجاج کیا تھا۔ تھانہ مندرہ نے 25.1.2023 تقریباً 65 دن بعد 13 نامزد اور 170 نامعلوم افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کرلی نامزد افراد میں تحریک انصاف تحصیل گوجر خان کے صدر ملک وحید اور پی پی 10 سے امیدوار صوبائی اسمبلی راجہ عبدالوحید قاسم بھی شامل ہیں۔

حب اسسٹنٹ کمشنر حب کا ساکران روڈ پر قائم مضر صحت کوئلہ ڈپو کو سیل کرنا قابل تحسین اقدام ہے۔

حب (نمائندہ خصوصی) حب اسسٹنٹ کمشنر حب کا ساکران روڈ پر قائم مضر صحت کوئلہ ڈپو کو سیل کرنا قابل تحسین اقدام ہے۔ محکمہ ماحولیات کی چشم پوشی سمجھ سے بالا ہے (عوامی حلقے) تفصیلات کے مطابق حب گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر حب سید سمیع اللہ شاہ کا ساکران روڈ پر قائم مضر صحت کوئلہ ڈپو کو سیل کرنا عوام دوست بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی میر عبدالعزیز کرد صوبائی سیکرٹری حافظ الیاس سے ان کی والدہ کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

بلوچستان میں آئندہ جمعیت کی مضبوط حکومت بنے گی، عبدالغفور حیدری

عام انتخابات میں جمعیت کلین سویپ کرے گی صوبے کی مزید شخصیات جمعیت علماء اسلام میں شامل ہونگی

موسمی جماعتوں کا زوال شروع ہو چکا ہے جمعیت علماء اسلام روز بروز فعالیت کے جانب گامزن ہے' سینیٹر

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ عمران خان نے اپنے دور اقتدار میں ملکی معیشت تباہ کر دی، عام انتخابات میں جمعیت کلین سویپ کرے گی صوبے کی مزید شخصیات جمعیت علماء اسلام میں شامل ہونگی بلوچستان میں آئندہ جمعیت کی مضبوط حکومت بنے گی۔ یہ بات انہوں نے جمعیت علماء اسلام قلات کے جنرل سیکرٹری سردارزادہ میر سعید جان لانگو سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما حافظ ابراہیم لہڑی، حافظ سلمان قاضی فدا الرحمن عادل محمد کاکڑ بھی موجود تھے۔ مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ بلوچستان سے مزید نامور شخصیات جمعیت علما بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

صوبے میں پائے جانے والے گندم اور آٹے بحران کا خاتمہ کیا جائے، کہدہ محمد اکرم

وفاقی حکومت سے بات کرے تاکہ صوبے میں پائے جانے والے گندم اور آٹے بحران کا خاتمہ کیا جاسکے

امپورٹ اور ایکسپورٹ کے شعبوں سے وابستہ افراد و ٹرانسپورٹر مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں' نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماؤں و سینیٹرز محمد طاہر بزنجو اور کہدہ محمد اکرم نے کہا ہے کہ بلوچستان کی صنعت و تجارت سے وابستہ افراد کو درپیش مشکلات کے حل کے لئے ایوان بالا سمیت ہر فورم پر آواز بلند کریں گے، صنعت و تجارت، زراعت، گلہ بانی اور کان کنی جیسے شعبے توجہ کے طلب گار ہیں اس سلسلے میں نیشنل پارٹی بھرپور کردار ادا کرے گی، بلوچستان میں گندم کی قلت و دیگر سے متعلق آگاہ ہیں اس بابت حکام کو آگاہ کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے نائب صدر سید عبدالاحد آغا اور سابق صدر فدا حسین دشتی سے اسلام آباد پارلیمنٹ لاجز میں ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سید عبدالاحد آغا اور فدا حسین بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں بوتلبند واٹر/منرل واٹر کمپنیز کے 17 برانڈز غیر معیاری قرار دے دیئے گئے۔

کوئٹہ (خ ن) ملک بھر میں بوتلبند واٹر/منرل واٹر کمپنیز کے 17 برانڈز غیر معیاری قرار دے دیئے گئے۔ پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسز (PCRWR) منسٹری آف واٹر اینڈ ریسورسز پاکستان کی جاری کردہ سہ ماہی رپورٹ کے مطابق پاکستان بھر کے 20 مختلف شہروں سے حاصل کردہ بوتل بند پانی کے 165 برانڈز میں سے 17 برانڈز انسانی صحت کے لیے غیر محفوظ پائے گئے۔ مذکورہ برانڈز میں سوڈیم اور بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

بلدیاتی انتخابات میں کامیاب لوگ شرمندہ نظر آرہے ہیں، خالد مقبول

15 جنوری کو انتخابات غیر حلقہ بندیوں کے تحت ہوئے، وفاق اور صوبے کی خوشی سے فیصلہ کریں بلدیاتی انتخابات کیسے قانونی ہوئے

[illegible]

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات میں کامیاب لوگ شرمندہ نظر آ رہے ہیں، 15 جنوری کو انتخابات غیر حلقہ بندیوں کے تحت ہوئے، وفاق اور صوبے کی خوشی سے فیصلہ کریں بلدیاتی انتخابات کیسے قانونی ہوئے، ہم الیکشن میں حصہ نہیں لیں گے تو وہ الیکشن نہیں کہلائے گا ہم فروری کے پہلے ہفتے سے عوام میں جائیں گے اب سڑکوں پر جب کربات ہوگی۔ پارٹی کے بہادر آباد مرکز پر دیگر رہنماؤں مصطفیٰ کمال، وسیم اختر، فاروق ستار، جاوید حنیف و دیگر کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ دن گزرنے کے ساتھ بلدیاتی انتخابات میں کامیاب لوگ شرمندہ نظر آرہے ہیں۔

لسبیلہ، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری ڈسٹرکٹ لسبیلہ کے موضع چھب مانڈڑہ موضع گب مانڈڑہ میں سیلاب متاثرین کی بستیوں میں امدادی سامان تقسیم کر رہی ہیں

چین کے سامنے بھارتی فوج پسپا، درجنوں چیک پوسٹس خالی کر دی گئیں

400 میٹر پیچھے ہٹ کر چین سے امن خرید سکتے ہیں تو ہم فائدے میں ہیں، بھارتی فورسز حکام کی تاویل

بیجنگ (این این آئی) ہر روز جھڑپیں مارنے والی بھارتی فوج چین سے ملحقہ کئی سرحدی علاقوں میں پسپا ہو گئی ہے اور اس کی تاویل یہ گھڑا جا رہا ہے کہ اس سے انہوں نے بھارتی سرزمین نہیں کھوئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چین سے ملحقہ علاقے لداخ کے ایک اعلیٰ پولیس افسر پی ڈی نتیا نے اپنی رپورٹ میں اعتراف کیا ہے کہ بھارت نے علاقے میں 65 میں سے 26 چیک پوسٹس کھو دی ہیں۔ لداخ کے مرکزی شہر لیہ کے پولیس سپرنٹنڈنٹ پی ڈی نتیا نے اپنی یہ رپورٹ نئی دہلی میں ملک کے اعلیٰ پولیس افسران کی سالانہ کانفرنس میں پیش کی تھی، اس کانفرنس میں وزیر اعظم نریندرا مودی، وزیر داخلہ امت شاہ اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوول نے شرکت کی تھی۔

توشہ خانہ کیس میں عمران کی نااہلی کیخلاف پٹیشن واپس لینے کی درخواست پر فریقین کو جواب جمع کرانے کی ہدایت

درخواست واپس لینے کی استدعا منظور کر کے ساتھ قانونی نتائج بھی لکھ دیتے ہیں، چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے توشہ خانہ کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان کی نااہلی کیخلاف پٹیشن واپس لینے کی درخواست پر فریقین کو جواب جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی نااہلی کیخلاف پٹیشن واپس لینے کی درخواست پر سماعت ہوئی، چیف جسٹس عامر فاروق نے درخواست پر سماعت کی۔ چیف جسٹس نے عمران خان کے وکیل بیرسٹر علی ظفر سے استفسار کیا کہ لاہور ہائی کورٹ میں معاملہ زیر التوا ہونے پر آپ یہاں سے واپس لینا چاہتے ہیں۔

پولیس مقامی لوگوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ موندرہ نوجوان تنظیم

حب (نامہ نگار) پولیس مقامی لوگوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ موندرہ نوجوان تنظیم تفصیلات کے مطابق حب اضلع حب کی پولیس لوگوں کے تحفظ کو یقینی بنائے، ان خیالات کا اظہار موندرہ نوجوان تنظیم کے ہنگامی اجلاس میں متفقہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ گزشتہ روز موندرہ بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

سی پی ڈی آئی نے "پاکستان میں بجٹ شفافیت کی صورتحال" پر حتمی تیسری سالانہ رپورٹ جاری کردی

خضدار (این این آئی) سی پی ڈی آئی کی جانب سے پاکستان میں بجٹ شفافیت کی صورتحال پر حتمی تیسری سالانہ رپورٹ جاری کر دی گئی۔ رپورٹ میں وفاقی اور صوبائی سطح پر بجٹ سازی کے عمل میں پائی جانے والی خامیوں کی نشاندہی کی گئی ہے اور مطالبہ کیا گیا ہے کہ بجٹ تجاویز کو وسیع پیمانے پر شہری گروہوں، سرکاری اداروں اور اہم شراکت داروں کیساتھ زیر بحث لایا جائے۔ علاوہ ازیں بجٹ سازی کے عمل میں شہریوں کی شمولیت کو قانونی تحفظ دیا جائے اور سرکاری بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر میں گیس کی قلت کے باعث گیس کمپنی کی جانب زرغون روڈ پر پائپ لائن بچھائی جارہی ہیں

اے این ایف کی ملک بھر میں منشیات سمگلنگ کیخلاف کارروائیاں

ساڑھے چھ من سے زائد چرس، پونے پانچ کلو افیون، 80 ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) اے این ایف نے ملک بھر میں منشیات سمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کے دوران ساڑھے چھ من سے زائد چرس، پونے پانچ کلو افیون، 80 ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ اے این ایف حکام کے مطابق کوئٹہ میں کارروائی کے دوران کار سے 167 کلو چرس برآمد کی گئی، ٹیم نے کارروائی کے دوران کار کے ڈرائیور کو گرفتار کرلیا بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

عمران خان کا فواد چوہدری کی اہلیہ کو فون، گرفتاری کی مذمت، اظہار یکجہتی کیا

ہمیں پریشرائز کرنے کی کوشش، پریشان بالکل نہ ہوں ہم آپ کے ساتھ کھڑے ہیں' عمران خان

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے پارٹی کے سینئر رہنما فواد چوہدری کی گرفتاری پر ان کی اہلیہ حبا چوہدری کو فون کیا۔ عمران خان نے فواد چوہدری کی اہلیہ سے ان کے شوہر کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ عمران خان نے فواد چوہدری کے اہل خانہ سے مکمل یکجہتی کا اظہار بھی کیا ہے۔ رہنما پی ٹی آئی فواد چوہدری کی اہلیہ حبا نے بتایا کہ عمران خان نے مجھے پرسنل نمبر سے کال کی اور میری حوصلہ افزائی کی۔ عمران خان نے کہا آپ پریشان بالکل نہ ہوں ہم آپ کے ساتھ کھڑے ہیں، یہ ہمیں پریشرائز کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

نصیر آباد میں محکمہ خوراک کی جانب سے 600 آٹے کے تھیلے فراہم کئے گئے عائشہ زہری

یوٹیلیٹی سٹورز کے ساتھ ساتھ مختلف جگہوں پر آٹے کے اسٹال قائم کر کے غریب عوام کو مستفید کروایا جارہا ہے

حکومت بلوچستان کی جانب سے عوام کو سستے داموں آٹے کی فراہم کا سلسلہ جاری ہے' ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان کی جانب سے عوام کو سستے داموں آٹے کی فراہم کا سلسلہ جاری ہے نصیر آباد میں محکمہ خوراک کی جانب سے 600 آٹے کے تھیلے فراہم کئے گئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی اسد اللہ سالارانی اور تحصیلدار مجیب الرحمان ساسولی کی نگرانی میں غریب عوام کو آٹے کے فروخت کا عمل شروع کیا گیا عوام کا جم غفیر اس حکومتی اقدام سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے مجتمع ہو گیا اور لائن کی صورت میں آٹا خریدتے رہے اس موقع پر نائب تحصیلدار صدر دار خان ابڑو، محکمہ فوڈ کے اے ایف سی عباس علی جمالی، انجمن تاجران کے نمائندگان تاج بلوچ، ایاز قاسم علی پچھو اسمیت دیگر افراد موجود تھے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر اسد اللہ سالارانی نے کہا کہ بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے عہدیداروں کا رکن قومی اسمبلی خالد خان مندوخیل سے والد کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر میر چنگیز خان جمالی، جنرل سیکرٹری لالا روزی خان کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی، سینئر نائب صدر سردار محمد عمر گورگیج، نائب صدر حاجی ریاض شاہوانی، میر نصیر اللہ رودینی، اعجاز احمد بلوچ، نوید درانی، میر ابرار کھیتران، ڈپٹی جنرل سیکرٹریز میر شاہ اللہ جتک، حاجی خان محمد بڑیچ، غلام محی الدین رند، ڈپٹی سیکرٹریز اطلاعات حاجی قاسم اچکزئی، ملک زیشان حسین، یاسر بشیر ثناء بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

سروسز ہسپتال کے میڈیکل بورڈ نے فواد چوہدری کو ذہنی دباؤ کا شکار قرار دیدیا

تحریک انصاف کے مرکزی رہنما ذہنی دباؤ کی ادویات کا استعمال کر رہے ہیں، ہسپتال ذرائع

لاہور (این این آئی) سروسز ہسپتال لاہور کے ذرائع کا کہنا ہے کہ فواد چوہدری ذہنی دباؤ کا شکار ہیں اور اس کی ادویات بھی استعمال کرتے ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق عدالت کے حکم پر لاہور کے سروسز ہسپتال کے میڈیکل بورڈ نے فواد چوہدری کا طبی معائنہ کیا، ہسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ فواد چوہدری کے سی بی سی، گردوں کے ٹیسٹ کیے گئے، جبکہ جگر، بلڈ پریشر، شوگر سمیت دیگر ٹیسٹ بھی کیے گئے، فواد چوہدری طبی طور پر نارمل ہیں اور سفر کر سکتے ہیں۔

غلط بندے سے پنگا لے لیا۔۔۔ فواد چوہدری کی گرفتاری پر مونس الٰہی کا تبصرہ

فواد چوہدری کی اہلیہ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، خوشی ہوئی وہ بلند حوصلہ خاتون ہیں' سابق وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ق) کے مرکزی رہنما سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی نے فواد چوہدری کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے غلط بندے سے پنگا لے لیا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما کی گرفتاری پر تبصرہ کرنے والے مونس الٰہی نے اپنی ٹویٹ میں بتایا کہ انہوں نے فواد چوہدری کی اہلیہ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے۔ مونس الٰہی نے لکھا خوشی ہوئی کہ فواد چوہدری کی اہلیہ بلند حوصلہ خاتون ہیں۔ فواد چوہدری کی گرفتاری پر اپنے ردعمل میں مونس الٰہی نے کہا کہ انہوں (سیاسی مخالفین) نے غلط بندے کو اٹھا کر جھگڑا مول لیا ہے۔ فواد چوہدری کے خلاف اسلام آباد کے تھانہ کوہسار میں مقدمہ درج ہے۔

پرویز الٰہی کے حکم پر جاری 180 ارب روپے کے فنڈز روک لئے گئے

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ پنجاب نے سابق حکومت کے حکم پر جاری 180 ارب روپے کے فنڈز روک لئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ محکمہ خزانہ کی جانب سے سابق وزیر اعلیٰ بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

اسرائیلی فوج کا فلسطینی کو بغیر کسی وجہ کے قتل کرنے کا اعتراف

جس وقت فلسطینی شہری کو شہید کیا گیا وہ نہتے تھے اور ان سے فوجی اہلکاروں کی جان کو کسی قسم کا خطرہ نہیں تھا، رپورٹ

غزہ (این این آئی) اسرائیل نے فوج نے اعتراف کیا ہے کہ اپنی چوکی پر فلسطینی احمد کاہلہ کو کوئی بغیر کسی وجہ کے مارا اور اس پر کوئی پچھتاوا بھی نہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق 46 سالہ احمد کاہلہ کو 15 جنوری کو اسرائیلی فوج نے اپنی چوکی کے نزدیک گولی مار کر قتل کردیا تھا اور دعویٰ کیا تھا کہ مقتول اپنی گاڑی سے چاقو لے کر باہر نکلا تھا اور اہلکاروں کو قتل کرنا چاہتا تھا۔ اسرائیلی جارحیت کے وقت احمد کاہلہ کے ساتھ ان کا 20 سالہ بیٹا بھی گاڑی میں ساتھ بیٹھا تھا۔ بیٹے کے مطابق ان کی گاڑی چوکی پر روکی گئی اور ایک فوجی نے اسٹن گرینیڈ فائر کیا جو گاڑی کی چھت سے ٹکرا گیا۔

نگران حکومت کا عمران خان کی رہائشگاہ کی سکیورٹی کا ازسرنو جائزہ لینے کا فیصلہ

کتنی سکیورٹی ملنی چاہیے اس کا فیصلہ ڈسٹرکٹ وصوبائی انٹیلی جنس کمیٹی کرے گی

لاہور (این این آئی) نگران حکومت نے سابق وزیر اعظم و چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی رہائشگاہ کی سکیورٹی کا ازسرنو جائزہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق عمران خان کی زمان پارک رہائشگاہ میں 600 سے زائد اہلکار و افسران تعینات ہیں، عمران خان کو کتنی سکیورٹی ملنی چاہیے اس کا فیصلہ ڈسٹرکٹ و صوبائی انٹیلی جنس کمیٹی کرے گی۔ پولیس نے بتایا کہ انٹیلی جنس کمیٹیوں کے نمائندے عمران خان کو ممکنہ خطرات کی نشاندہی کریں گے اور ان تھریٹس کے مطابق نفری اور سکیورٹی وسائل کا فیصلہ کیا جائے گا۔ پولیس حکام کا یہ بھی کہنا ہے کہ زمان پارک کی تمام سکیورٹی فوری طور پر واپس نہیں لے سکتے، زمان پارک اور عمران خان کو درپیش خطرات کا جائزہ لے کر سکیورٹی میں رد و بدل کیا جائے گا۔

چاغی، پاک ایران سرحد پر چار سالوں کی طویل بندش کے بعد اے سی تفتان بلال شبیر و دیگر قبائلی عمائدین افتتاح کر رہے ہیں

گوادر، گوادر کے علاقے شدنکانی در میں ایرانی تیل کی ڈپو میں آگ لگی ہوئی ہے